صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 03070610770

چیف ایڈیٹر: سید وحید شاہ — ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد 25 | شمارہ: 40 | 29 ستمبر تا 05 اکتوبر 2025ء | صفحات: 4 | قیمت: 15

سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق کا اہم اجلاس

ڈی جی پلانٹ پروٹیکشن کی تعیناتی میں عدالتی احکامات کی عدم تعمیل پر تحفظات کا اظہار

چیئرمین سید مسرور احسن نے کہا کہ یہ تعیناتی عدالت کے ذریعہ کالعدم قرار دی جا چکی ہے، اس کے باوجود کوئی نوٹیفیکیشن جاری نہیں کیا گیا

5 ارب روپے مالیت کی برآمدات، پالیسیوں کی پابندیوں کے باعث رکی ہوئی ہیں، پالیسیاں معیشت اور برآمد کنندگان کو سہارا دینے کے لیے ہونی چاہئیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق کا اجلاس چیئرمین سینیٹر سید مسرور احسن کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ملک کو درپیش اہم غذائی تحفظ کے مسائل پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ اجلاس میں سینیٹرز پونجو بھیل، دوست محمد خان، راحت جمالی، عبدالوسیع، دنیش کمار، ایمل ولی خان، سردار الحاج محمد اجمر گورگیج اور حافظ عبدالکریم نے شرکت کی اجلاس میں چاول درآمدکنندگان کی ایسوسی ایشن کے چیئرمین نے باسمتی چاول کی برآمدات میں کمی پر تشویش کا اظہار کیا جو کبھی پاکستان کا سب سے زیادہ منافع بخش برآمدی آئٹم تھا۔ سینیٹر دنیش کمار نے کمیٹی کو بتایا کہ 5 ارب روپے مالیت کی برآمدات پالیسیوں کی پابندیوں کے باعث رکی ہوئی ہیں، پالیسیاں معیشت اور برآمد کنندگان کو سہارا دینے کے لیے ہونی چاہئیں۔ کمیٹی نے فیصلہ کیا کہ این اے ایف ایس اے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

پاور سیکٹر کے گردشی قرض کا خاتمہ، 18 بینکوں کے کنسورشیم سے 1225 ارب کا معاہدہ

کلر ڈیٹ وسائل نگل رہا تھا، منصوبہ بڑی کامیابی، ایم ڈی IMF نے پاکستانی معاشی کارکردگی کو سراہا، شہباز شریف

6 برس میں قرض کا خاتمہ اور صارفین کو 350 ارب کی بچت متوقع، کائبور مائنس 0.9 فیصد پر فنانسنگ، 6 سال میں ادائیگی ہوگی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں پاور سیکٹر میں گردشی قرضہ ختم کرنے کے لیے حکومت نے بینکوں کے کنسورشیم کے ساتھ 1225 ارب روپے کا تاریخی معاہدہ کرلیا ہے۔ گردشی قرضہ کے خاتمے کی نئی کرلہ اسکیم کے تحت کائبور مائنس 0.9 فیصد پر فنانسنگ ہوگی، 6 سالہ ادائیگی کی مدت ہوگی اور صارفین کے لیے 350 ارب روپے کی بچت متوقع ہے۔ معاہدے کے تحت 660 ارب روپے کے پرانے قرضوں کی ری اسٹرکچرنگ کی جائے گی۔ 565 ارب روپے کی نئی فنانسنگ بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کو دی جائے گی۔ منصوبے کے افتتاحی تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ توانائی کے شعبے میں گردشی قرضے سے نمٹنے کا منصوبہ بہت بڑی کامیابی اور اجتماعی کاوشوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

وائٹ ہاؤس: امریکی صدر ٹرمپ، وزیر اعظم شہباز شریف، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ملاقات کے موقع پر "تھمز اپ" بنا رہے ہیں

وفاقی حکومت نے جولائی، اگست کے دوران 391 ارب روپے قرضہ لیا

گزشتہ سال کے اس عرصے کے دوران 199 ارب قرضہ لیا گیا تھا، رواں مالی سال کے دوران 5 ہزار 777 ارب روپے قرض لیا جائیگا

اقتصادی امور ڈویژن حکام کے مطابق باہمی اور کثیر الجہتی معاہدوں سے 6 ارب 40 کروڑ ڈالر قرض حاصل ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت کی جانب سے رواں مالی سال 26-2025 کے پہلے دو ماہ (جولائی، اگست) کے دوران 391 ارب روپے قرضہ لیا گیا ہے جو کہ گزشتہ مالی سال کے اس عرصہ میں لیے گئے 199 ارب روپے کے قرضے کے مقابلے میں دوگنا ہے، اقتصادی امور ڈویژن کی طرف سے جاری رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ رواں مالی سال کے پہلے ماہ (جولائی) میں 198 ارب روپے جبکہ دوسرے ماہ (اگست) میں 192 روپے سے زائد قرضہ لیا گیا ہے۔ حکام کا کہنا ہے کہ رواں مالی سال کے دوران مجموعی طور پر 5 ہزار 777 ارب روپے قرض لیا جائے گا، اقتصادی امور ڈویژن حکام کے مطابق باہمی اور کثیر الجہتی معاہدوں سے 6 ارب 40 کروڑ ڈالر قرض حاصل ہوگا، رواں مالی سال (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

سی پیک فیز 2 کا آغاز، بلوچستان میں معدنیات کی نئی راہداری قائم کی جائے گی — وفاقی وزیر

گروتھ راہداری پاکستانی برآمدات بڑھانے اور معاشی ترقی تیز کرنے کا احاطہ کرتی ہے، برآمدات کو پائیدار ترقی کا محور بنارہے ہیں، پاکستان کا چین کی دو ٹریلین ڈالر برآمدات میں انتہائی کم حصہ ہے، پاکستانی مصنوعات پر بھی آسیان ممالک کا ٹیرف نافذ کرنے کی تجویز

نوجوانوں کو جدید تعلیم سے لیس کرنا پہلا ہدف ہے، سی پیک فیز ٹو گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ کی بجائے بزنس ٹو بزنس تعاون پر زور دے گا، چینی کمپنیوں کی پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول مہیا کیا جائے گا (وفاقی وزیر احسن اقبال) بیجنگ میں میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ سی پیک فیز 2 کا آغاز کردیا گیا ہے جس کے تحت بلوچستان کی معدنیات کو گوادر سے جوڑنے کیلیے راہداری قائم کی جائے گی۔ وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی پروفیسر احسن اقبال کی بیجنگ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 14 میں سے 11 ویں سی پیک کے اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت میرے لئے اعزاز ہے، 14 ویں جے سی سی نے باضابطہ طور پری پیک فیز 2 کا آغاز کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک فیز ٹو گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ کی بجائے بزنس ٹو بزنس تعاون پر زور دے گا، چینی کمپنیوں کی پاکستان میں سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول مہیا کیا جائے گا۔ احسن اقبال نے کہا کہ بیجنگ کی سرمایہ کاری کانفرنس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جاکر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
SUBSCRIBE NOW
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
TIJARAT NEWS
YouTube
info@tijaratnews.tv 0307-0610770

پاکستان میں درجنوں نایاب دھاتیں، اہم معدنیات موجود

چین اور امریکا کے درمیان ٹیکنالوجی کی دوڑ نے دھاتوں کی مانگ بڑھادی

ٹرمپ اسی خزانے کے سلسلے میں پاکستان سے قرب و دوستی چاہتے ہیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) چین اور امریکا کے درمیان ٹیکنالوجی کی دوڑ نے 17 نایاب دھاتی عناصر اور 50 اہم معدنیات کی طلب بے پناہ بڑھادی ہے جن کی بنیاد پہ جدید ترقی قائم و دائم ہے۔ یہ نایاب دھاتی عناصر اور اہم معدنیات اسمارٹ فونز، سولر پینل، کمپیوٹر اور الیکٹرک گاڑیوں سے لے کر سیمی کنڈکٹرز، دفاعی نظام اور سیٹلائٹس تک ہر جدید چیز میں استعمال ہوتے ہیں۔ زمین کی پرت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

اسٹاک ایکس چینج اور SECP کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

کراچی (کامرس ڈیسک) پاکستان اسٹاک ایکس چینج اور ایس ای سی پی نے کیپیٹل مارکیٹس کی نگرانی کو مزید موثر بنانے کے لیے اسٹریٹجک شراکت داری کرتے ہوئے مفاہمت کی یادداشت پر دستے یادداشت پر دستخط کردیے، یہ معاہدہ ایس ای سی پی کو براہ راست پی ایس ایکس کے نئے نگرانی نظام تک رسائی فراہم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

بازاروں میں چھاپہ مار کارروائیاں 30 ستمبر تک روکنے کی ہدایت

آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے وفد کی چیئرمین ایف بی آر سے ملاقات

ایف بی آر نے جیولرز کو 4 کیٹیگریز اے، بی، سی اور ڈی میں تقسیم کردیا، قاسم شکارپوری

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) چیئرمین ایف بی آر راشد محمود لنگڑیال نے 30 ستمبر تک صرافہ بازاروں میں چھاپہ مار کارروائیاں روکنے کی ہدایات دیدی ہیں، یہ ہدایات انھوں نے آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے صدر قاسم شکارپوری کی قیادت میں وفد سے ملاقات کے دوران جاری کیں۔ انھوں نے بتایا کہ چیئرمین ایف بی آر نے بتایا کہ ان کے پاس 35 ہزار جیولرز (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

ڈی جی ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کی برطرفی، سندھ ہائیکورٹ کا تاریخی اقدام

فوری قابل افسر کو تعینات کیا جائے صنعتکاروں کا مطالبہ

امید ہے کہ تعینات کیے جانے والے نئے ڈائریکٹر جنرل ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن امپورٹ اور ایکسپورٹ میں درپیش مسائل کو حل کرکے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں اپنا اہم کردار ادا کریں گے

چھالیہ کی امپورٹ پر سات مخصوص کمپنیوں کو اجارہ داری دے دی گئی ہے اور سوچی سمجھی سازش کے تحت باقی امپورٹرز کے سیمپلز کو ان فٹ قرار دے کر انہیں مارکیٹوں سے آؤٹ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) سندھ ہائی کورٹ کے حکم پر ڈائریکٹر جنرل ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن طاہر عباس کی برطرفی کو کئی روز گزر جانے کے بعد بھی ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن جیسے اہم ترین ادارے میں نئے ڈی جی کی تعیناتی عمل میں نہیں آسکی ہے۔ پاکستان بھر سے تعلق رکھنے والے قانونی درآمد و برآمد کنندگان، صنعتکاروں و تاجروں نے اس سلسلے میں تجارت نیوز سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے آنے والے تاریخی فیصلے کے بعد ان میں امید کی ایک نئی کرن جاگ گئی ہے اور انہیں پورا یقین ہے کہ قواعد وضوابط کی روشنی میں تعینات کیے جانے والے نئے ڈائریکٹر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

اسٹاک مارکیٹ: انڈیکس میں 2,976 پوائنٹس کا تاریخی اضافہ، 1 لاکھ 62 ہزار کی حد بھی عبور

سرمایہ کاروں کی بھرپور دلچسپی، تیل و گیس اور کھاد کے شعبوں میں خریداری، مالیت میں 2 کھرب 72 ارب کا اضافہ

انٹربینک میں ڈالر مزید 3 پیسے کی کمی سے 281.37، اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی 5 پیسے گھٹ کر 282.40 روپے پر آ گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) نے جمعہ کے روز شاندار تیزی کے ساتھ کاروباری ہفتے کا اختتام کیا، جہاں کے ایس ای 100 انڈیکس میں 2,976.92 پوائنٹس کا زبردست اضافہ ہوا، جو 1.87 فیصد کے اضافے کیساتھ 162,257.01 کی تاریخی سطح پر بند ہوں۔ دوران کاروبار انڈیکس 162,422 پوائنٹس کی بلند ترین سطح کو بھی چھو گیا، جو کہ اب تک کی بلند ترین سطح ہے۔ سرمایہ کاروں کی بھرپور دلچسپی نے بازار کو آغاز ہی سے پرجوش بنادیا۔ خاص طور پر بینکاری، تیل و گیس (E&P) کھاد اور سیمنٹ کے شعبوں میں زبردست خریداری دیکھی گئی۔ سرمایہ کاروں نے علاقائی غیر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

ٹیکس ہدف پورا نہ ہونے پر IMF کا تحفظات کا اظہار

پاکستان نے دوسرے اقتصادی جائزہ مذاکرات میں ٹیکس وصولیوں کا ڈیٹا شیئر کردیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے گزشتہ مالی سال کا ٹیکس ہدف پورا نہ ہونے پر تحفظات کا اظہار کردیا۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان دوسرے اقتصادی جائزہ مذاکرات میں معاشی ٹیم نے ٹیکس وصولیوں اور مالی کارکردگی کا ڈیٹا شیئر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

انٹرنیٹ پر ڈیٹا بیچنے والی ویب سائٹس بند نہ ہوسکیں

تحقیقاتی ٹیم نے حتمی رپورٹ مرتب کرنے کیلئے مزید تین ہفتے کا وقت مانگ لیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) شہریوں کا ڈیٹا انٹرنیٹ پر بیچنے والی ویب سائٹس بند نہ ہوسکیں، ڈیٹا لیک معاملے پر وزیر داخلہ کی ہدایت پر بننے والی خصوصی تحقیقاتی ٹیم نے اپنی حتمی رپورٹ مرتب کرنے کیلئے تین ہفتے کا مزید وقت مانگ لیا، ڈی جی این سی سی آئی نیاب تک ہونیوالی تحقیقات (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

پاکستان کرپٹو ڈیجیٹل اثاثوں میں عالمی قیادت کیلیے تیار، بلال ثاقب

ڈیجیٹل اثاثوں پر تعاون پاک امریکا تعلقات میں نئے باب کا آغاز: وزیر برائے کرپٹو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی وزیر برائے کرپٹو و بلاک چین اور سی ای او پاکستان کرپٹو کونسل بلال بن ثاقب کا کہنا ہے کہ پاکستان کرپٹو اور ڈیجیٹل اثاثوں میں عالمی قیادت کیلیے تیار ہے، ان خیالات کا اظہار انھوں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر پرائٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

کم عمر صارفین بھی فیس بک پر اکاؤنٹ بنا سکیں گے

اکاؤنٹس میں حفاظتی سہولتیں والدین کے خدشات کو مدنظر رکھ کر تیار کی گئیں، میٹا

کراچی (کامرس ڈیسک) میٹا نے کم عمر نوجوانوں کے تحفظ اور والدین کے خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے (AccountsTeen) متعارف کرادیے ہیں، یہ خصوصی اکاؤنٹس کم عمر نوجوانوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ایک اہم قدم ہے، میٹا اب تک دنیا بھر میں انسٹاگرام، فیس بک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو خاتون کو الیکٹرک بائیک کی چابی دے رہے ہیں

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ ترکیہ کے صدر کا وائٹ ہاؤس پہنچنے پر استقبال کررہے ہیں

سندھ حکومت کا گندم کاشت کرنے والے کسانوں کی معاونت کا فیصلہ

ویٹ گروورز پیکیج کے تحت 1 سے 25 ایکڑ تک زمین رکھنے والے 4 لاکھ 11 ہزار کسانوں کو کھاد، یوریا فراہم کیا جائیگا، وزیر زراعت

سندھ میں 22 لاکھ 62 ہزار ایکڑ زمین پر گندم کاشت، پروگرام کے تحت فی ایکٹر ہاری کو 24 ہزار 700 روپے دیے جائیں گے، محمد بخش مہر

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ کے وزیر زراعت سردار محمد بخش مہر نے گندم کاشت کرنیوالے کسانوں کیلیے ویٹ گروورز سپورٹ پالیسی کے آغاز کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسانوں کو فوری ریلیف فراہم کرنے کیلیے یہ تاریخی اقدام کیا گیا ہے۔ وزیر زراعت نے کہا کہ آئی ایم ایف کی شرائط کی وجہ سے ماضی میں گندم، چاول اور گنے کے کاشتکاروں کو سپورٹ پرائز نہیں دیا جاسکا تھا، تاہم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

سندھ کابینہ میں ردوبدل، سعید غنی سے بلدیات کا قلمدان واپس، ناصر شاہ کے سپرد

وزیر اعلیٰ سندھ سے سعید غنی، جام خان شورو، اسمٰعیل راہو کی ملاقات، صوبائی وزیر محنت سے بھی قلمدان واپس لینے کا فیصلہ

اسمٰعیل راہو کو صوبائی وزیر بنانے کی تیاری ہے جبکہ جام خان شورو کو محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات کا اضافی قلمدان ملے گا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ حکومت نے صوبائی کابینہ میں ردوبدل کا فیصلہ کیا ہے، سعید غنی سے محکمہ بلدیات کا قلمدان واپس لیے جانے کا امکان۔ سندھ حکومت نے صوبائی کابینہ میں ردوبدل کا فیصلہ کیا ہے، ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ سندھ سے سعید غنی، جام خان شورو، اسمٰعیل راہو ملاقات کریں گے۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

پاکستان کی ترقی میں کردار ادا کرنے کیلیے پرعزم ہیں، نتالی اے بیکر

امریکی ناظم الامور کی وزیر اعلیٰ، گورنر سندھ اور کاروباری رہنماؤں سے بھی ملاقات

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں امریکی مشن کی ناظم الامور نتالی اے بیکر نے کراچی کا دورہ کیا، جس کا مقصد امریکا اور پاکستان کے درمیان دوطرفہ تجارتی تعلقات اور سرمایہ کاری کے مواقع کو فروغ دینا اور مشترکہ خوشحالی کے نئے مواقع پیدا کرنا تھا۔ ناظم الامور نتالی بیکر نے سندھ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

پاکستانی نژاد اخبار فروش علی اکبر پیرس میں لاطینی کوارٹر کی ایک گلی میں چلتے پھرتے اخبار بیچ رہے ہیں

گردشی قرضہ وبال جان، 780 ارب کی ریکارڈ کمی کی، اویس لغاری

6 سالوں میں قرض کا نام نہیں رہے گا، IPP معاہدوں پر نظر ثانی کرکے اربوں بچائے، وفاقی وزیر توانائی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے کہا ہے کہ گردشی قرضہ پاکستان کے لیے وبال جان ہے، حکومت نے ایک سال میں گردشی قرضے میں 780 ارب روپے کی ریکارڈ کمی کی، 6 سالوں کے اندر گردشی قرض کا نام تک نہیں رہے گا، آئی پی پی کے معاہدوں پر نظر ثانی کرکے اربوں روپے کی بچت کی۔ گردشی قرضوں کا بینکوں کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

حکومت فوری گندم کی قیمت کا اعلان کرے، خالد حسین باٹھ

حکومتی پالیسیوں اور کرپٹ سیاستدانوں کی وجہ سے زرعی شعبہ تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کسان اتحاد کے مرکزی چیئرمین خالد حسین باٹھ نے کہا ہے کہ حکومت کی ناقص پالیسیوں اور کرپٹ سیاستدانوں کی وجہ سے زرعی شعبہ تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے، اگر گندم کی سرکاری قیمت کا فوری اعلان نہ کیا گیا تو ملک کو 150 ارب روپے کی لاگت سے گندم درآمد کرنا پڑے گی۔ کراچی پریس کلب میں پریس کانفرنس سے خطاب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

AI ترقی پذیر ممالک کیلیے کامیابی کی ضمانت، بلال بن ثاقب

ترقیاتی ایجنڈوں کے محتاج نہیں، ماڈلز کے خالق، قیادت کیلیے تیار ہیں، خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سی ای او پاکستان کرپٹو کونسل بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت ترقی پذیر ممالک کیلیے کامیابی کی ضمانت ہے، نوجوان ڈیجیٹل ذرائع سے مستقبل تعمیر کررہے ہیں۔ جنرل اسمبلی میں پاکستان اور مصنوعی ذہانت پر خطاب میں انھوں نے کہا کہ پاکستان ترقیاتی ایجنڈوں کا محتاج نہیں، ماڈلز و خیالات کا خالق اور قیادت کیلیے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

26 ویں آئی ٹی سی این ایشیا 2025 کی شاندار کامیابیاں

ایس آئی ایف سی کی بھرپور معاونت سے پاکستان، ٹیکنالوجی کی دنیا میں ایک نیا باب رقم کررہا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان میں آئی ٹی اور ٹیک ایکسپو اینڈ کانفرنس کا کامیاب انعقاد کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق نمائش ای کامرس گیٹ وے پاکستان، ایس آئی ایف سی اور ٹیک ڈیسٹینیشن پاکستان کے اشتراک سے منعقد کی گئی جس میں آئی ٹی سی این ایشیا کی جدت، نیٹ ورکنگ اور کامیاب کاروباری معاہدے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

ٹرمپ کا یکم اکتوبر سے فارماسیوٹیکل مصنوعات پر 100 فیصد ٹیرف لگانے کا اعلان

ٹرمپ کے فارماسیوٹیکل پر 100 فیصد ٹیرف سے بھارت کو دھچکا لگا ہے، امریکا میں ٹیرف سے چھوٹ ہوگی

بھارت ہر سال تقریبا 10 ارب ڈالر کی فارماسیوٹیکل مصنوعات امریکا کو برآمد کرتا ہے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر نے فارماسیوٹیکل مصنوعات پر 100 فیصد ٹیرف عائد کردیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بتایا کہ امریکا میں یکم اکتوبر سے فارماسیوٹیکل کی درآمد پر 100 فیصد ٹیرف لاگو ہوگا، امریکا میں فارماسیوٹیکل کا پلانٹ لگانے پر ٹیرف سے چھوٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

فضائی آلودگی، لاہور دنیا بھر میں پہلے نمبر پر آ گیا

ایئر کوالٹی انڈیکس 185 ریکارڈ، ڈھاکا کا دوسرا نمبر، رواں سال شدید سردی پڑنے کا امکان

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) موسم سرما کے آغاز سے قبل ہی لاہور میں فضائی آلودگی سر اٹھانے لگی، شہر دنیا بھر میں فضائی آلودگی کے اعتبار سے پہلے نمبر پر آ گیا، ایئر کوالٹی انڈیکس 185 ریکارڈ کیا گیا، بنگلا دیش کا شہر ڈھاکا دوسرے جبکہ انڈونیشیا کا شہر جاکرتا تیسرے نمبر پر رہے۔ موسمیاتی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

صدارتی ترجمان سلیم مانڈوی والا صدر پاکستان کے حالیہ دورہ چین سے متعلق پریس کانفرنس کررہے ہیں

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ ایڈیٹر: محمد صغیر

E-MAIL:info@tigaratnews.tv 0307-0610770-فون جلد نمبر 25۔(شمارہ نمبر 40) 29 ستمبر تا 05 اکتوبر 2025

دریاؤں اور ندی نالوں پر تجاوزات

وطن عزیز کو ہر سال یا تو پانی کی قلت کا سامنا رہتا ہے یا پھر ہر سال مون سون کے موسم میں سیلاب کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ہمیشہ سے انسانی حیات کا تعلق پانی سے جڑا ہوا ہے اور اسی لیے دریاؤں، چشموں اور دیگر ذرائع ا?ب کے قریب انسانی بستیاں آباد ہوتی رہی ہیں۔ تربیلا ڈیم 1976 میں بنا اور اس کے بعد کوئی بڑا ڈیم ملک میں نہ بن سکا اور یہیں سے ہماری بدقسمتی کی ابتدا ہوئی۔ خوش قسمتی سے ہمارے ملک میں دنیا کا سب سے وسیع اور جدید نہری نظام موجود ہے۔ اور کبھی ہم زراعت کے نظام میں خود کفیل تھے، ماضی میں ہماری زراعت نے کافی ترقی کی۔ لیکن آج بدقسمتی سے دو کروڑ بیس لاکھ ایکڑ بنجر زمین کو زیر کاشت نہیں لایا جا سکتا، کیونکہ ہم نے اپنی نااہلی کی وجہ سے کوئی قابل ذکر پانی ذخیرہ کرنے کا پروجیکٹ تکمیل تک نہیں پہنچایا۔ پاکستان اپنے آبی وسائل کا صرف 7 فیصد پانی ہی ذخیرہ کر پاتا ہے جو کہ پاکستان میں صرف 30 دن کا ذخیرہ کرنے کی صلاحیت کے برابر ہے۔ دوسرا پہلو سیلابی صورتحال کا ہے جس کا سامنا ہمارے دیہاتوں اور بڑے شہروں خصوصاً کراچی کو ہمشہ رہتا ہے۔ ملک عزیز میں زیادہ تر آبی گزرگاہوں میں ہونے والی تجاوزات ہی ان سیلابی ریلوں کی زد میں آتی ہیں۔ 2022 کے تباہ کن سیلاب کے بعد حکومت نے آئندہ سیلاب سے بچاؤ کیلیے دریاؤں کے کنارے پر تعمیرات پر پابندی سمیت متعدد حفاظتی اقدامات کا اعلان کیا تھا مگر یہ اعلانات کاغذوں تک ہی محدود رہے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ دریائے سوات اور دریائے راوی سمیت مختلف مقامات پر غیر قانونی تعمیرات پانی کے ریلوں میں بہہ گئیں، جس سے شدید جانی و مالی نقصان ہوا۔ پنجاب سمیت ملک کے تمام صوبوں میں بھی اس وقت یہی صورتحال ہے، جہاں دریاؤں کی گزرگاہوں پر غیر قانونی تعمیرات کی بھرمار ہے۔ ہر سال مون سون کے آغاز پر اس حوالے سے شور مچتا ہے، اجلاس ہوتے ہیں، کمیٹیاں بنتی ہیں لیکن جیسے ہی برسات کا موسم ختم ہوتا ہے، یہ سب وعدے اور منصوبے سرد خانے کی نذر ہو جاتے ہیں۔ اگر حکومت آبی گزرگاہوں میں موجود تجاوزات کے خلاف کارروائی میں واقعی سنجیدہ ہے تو سب سے پہلے اس حوالے سے موجود قوانین پر سختی سے عمل کرایا جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری اور سخت کارروائی کی جائے۔ عوام کو بھی یہ شعور دینا ہوگا کہ دریا کے کنارے یا آبی راستوں میں تعمیرات خود کو خطرے سے دوچار کرنے کے مترادف ہے۔ دریاؤں اور ندی نالوں پر تجاوزات پاکستان میں ایک بڑا ماحولیاتی اور انتظامی چیلنج بنتا جا رہا ہے۔ یہ مسئلہ نہ صرف آبی وسائل کو متاثر کر رہا ہے بلکہ سیلاب جیسی قدرتی آفات کے خطرات میں بھی اضافہ کر رہا ہے۔ دریائی علاقوں پر غیر قانونی قبضے اور تعمیرات نے نہ صرف ماحولیاتی توازن کو بگاڑا ہے بلکہ انسانی زندگیوں کو بھی خطرے میں ڈال دیا ہے۔ ریاست کی مثال اس ماں کی طرح ہے جو شفقت بھی کرتی ہے اور اپنے بچوں کی تربیت کیلیے ڈانٹ ڈپٹ اور تھوڑی بہت سزا کا بھی اہتمام کرتی ہے تا کہ معاشرے میں ان کے گھر کو اچھی نظر سے دیکھا جائے اس وقت ہمارے ہاں دریاؤں اور ندی نالوں پر تجاوزات کی تین اقسام واشکال موجود ہیں۔ 1۔ رہائشی تجاوزات: قدرتی آبی گزرگاہوں اور دریائی راستوں پر غیر قانونی آبادیاں، سستے رہائشی یونٹس کی تعمیر، کچی آبادیوں کا پھیلاؤ 2۔ تجارتی وصنعتی تجاوزات: دریاؤں کے کناروں پر فیکٹریوں کا قیام، صنعتی فضلے کا براہ راست دریاؤں میں اخراج، غیر قانونی تجارتی مراکز کی تعمیر 3۔ زرعی تجاوزات: دریائی راستوں پر کاشتکاری، نہروں اور آبی گزرگاہوں پر غیر قانونی قبضے۔ وطن عزیز ا?ج ان تجاوزات کے اثرات ونتائج دیکھ رہا ہے۔ قدرتی آفات اور سیلاب کی تباہ کاریاں انسان کی قدرت سے چھیڑ خانی کا نتیجہ ہیں۔ انسانی ہوس، لالچ اور قانون کی عملداری نہ ہونے کی وجہ سے ہمارے لوگوں نے دریاؤں اور ندی نالوں کے کنارے اتنی تجاوزات کھڑی کر دی ہیں کہ جس کی وجہ سے ان کا قدرتی بہاؤ بہت چھوٹا رہ گیا ہے۔ اب جب معمول سے تھوڑی زیادہ بارش ہوتی ہے، تو یہ آبی گزرگاہیں تو اپنا راستہ خود بنا لیتی ہیں اور پھر ساری تجاوزات کی تباہ کاریاں ہم اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہیں اور چلاتے ہیں۔ سچی اور کھری بات یہ ہے کہ آج ہم انسانی پیدا کردہ تجاوزات اور ترقی کی قیمت چکا رہے ہیں۔ ہر سال آنے والی سیلابی صورتحال اور ماحولیاتی نظام کی تباہی نے ایک بڑا سوال اٹھا دیا ہے کہ کیا یہ سب قدرتی آفت ہے یا پھر ہماری اپنی پیدا کردہ تباہی؟ پاکستان میں دریاؤں اور ندی نالوں پر تجاوزات کی صورت حال خاصی سنگین ہے۔ بڑے شہروں کے ندی نالوں اور دریائی علاقوں پر غیر قانونی قبضے عام ہیں۔ کراچی، لاہور اور اسلام آباد سمیت تمام بڑے شہروں میں یہ مسئلہ پایا جاتا ہے۔ سیاسی مداخلت، انتظامی کمزوری، اور عوامی لاپرواہی اس مسئلے کو مزید گھمبیر بنا رہی ہے۔ کراچی میں ایک وقت وہ تھا جب یہاں موسمی دریا (لیاری اور ملیر) اور چھوٹے بڑے ندی نالے اس شہر میں بارشوں کے دوران پوری آب وتاب کے ساتھ بہتے تھے اور اُن کے بہاؤ کو لوگ اپنی زندگی سمجھتے تھے۔ لیکن آج ہم نے ان موسمی دریاؤں اور ندی نالوں میں سیوریج کا پانی ڈال دیا ہے ہماری حکومتوں کی یہ ''ڈنگ ٹپاؤ'' پالیسی حقیقتاً فطرت سے دشمنی مول لینے کے مترادف ہے۔

امریکی کافی چین اسٹار بکس کا 900 ملازمین برطرف کرنے کا اعلان

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) دنیا کی سب سے بڑی کافی چین اسٹار بکس نے اپنے 900 ملازمین کو برطرف اور 100 کیفے بند کرنے کا اعلان کر دیا۔ خبر رساں اداروں کے مطابق اسٹار بکس دنیا کی سب سے بڑی کافی چین ہے، جو فروخت میں کمی کے باعث شمالی امریکا میں 900 ملازمین کو برطرف اور 100 کیفے بند کر رہی ہے۔ اس کا مقصد اپنی گرتی کاروباری قدر کو بہتر بنانا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ امریکا میں اسٹار بس کی فروخت مسلسل کم ہو رہی ہے جس کے باعث کمپنی نے کافی کی اس سب سے بڑی عالمی چین کو دنیا میں دوبارہ سے بلند مقام دلانے کے لیے یہ قدم اٹھانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ کمپنی جس نے رواں برس کے اوائل میں 1100 کارپوریٹ عہدے بھی ختم کیے تھے، اب دیگر عہدے ختم کرنے سے متعلق بھی اعلان کیا ہے۔ اس سے متاثرہ ملازمین کو جلد فیصلے سے مطلع کر دیا جائے گا۔ اسٹار بکس کے ایک ارب ڈالر کے تنظیم نو کے منصوبے کے تحت فارغ کیے جانے والے 900 ملازمین نان ریٹیل شعبے میں کام کرتے ہیں۔ دوسری جانب اسٹار بکس ورکرز یونائیٹڈ، جو کمپنی کی سیکڑوں شاخوں کے ملازمین کی نمائندگی کرنے والی یونین اسٹار بکس کے ملازمین کو برطرف کرنے کے فیصلے کی مخالفت اور ہڑتالوں کی دھمکی دی ہے۔ جب کہ کمپنی سی ای او نے یونین کو نذاکرات کی پیشکش کی ہے۔

سعودی عرب: کرایے داروں سے متعلق نئے احکامات جاری

کرایوں میں اضافہ 5 برس کیلیے معطل، مکان خالی کرانے کیلیے بھی شرائط کا اعلان

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان نے ریاض میں جائداد کے کرایوں میں سالانہ اضافے کو 5 سال کے لیے معطل کرنے کا حکم جاری کر دیا۔ اگر کرایہ دار چاہے تو مکان مالکان کے لیے لیز کی تجدید کرنا لازم ہوگا۔

صرف مخصوص معاملات میں مالک مکان لیز کی تجدید سے انکار کر سکے گا۔ نئی ہدایت کے مطابق مالک مکان اس وقت تک معاہدے کی تجدید سے انکار نہیں کر سکتا جب تک کہ کرایہ دار ادائیگی کرنے کا پابند ہو۔ صرف 3 غیر معمولی معاملات میں کرایہ دار کو جائداد خالی کرنے پر مجبور کیا جا سکے گا۔ اگر کرایہ دار مقررہ تاریخوں پر واجب الادا کرایہ ادا کرنے میں ناکام رہا یا جائداد میں تعمیراتی نقائص کے خطرات ہوں تو رہائشیوں کی حفاظت کے لیے کرایہ دار کو نکالا جا سکے گا۔ تیسرا معاملہ مالک مکان کے ذاتی استعمال پر مرکوز ہے۔ اگر جائداد کا مالک یا اس کا قریبی رشتے دار پراپرٹی کو ذاتی رہائش کے لیے استعمال کرنا چاہتا ہے تو بھی کرایہ دار کو مکان خالی کرنے کا کہا جا سکے گا۔ ولی عہد شہزادہ محمد بن سلمان کی ہدایت کا مقصد کرایہ داروں کو کرایوں میں من مانے اضافے سے بچانا، درمیانی مدت میں ان کے مکانات کے استحکام کو یقینی بنانا اور غیر معمولی معاملات میں ان کے حقوق کا تحفظ کرتے ہوئے جائیداد کے مالکان کے لیے سرمایہ کاری کا منصفانہ ماحول فراہم کرنا ہے۔ یہ فیصلہ سعودی وژن 2030ء کے اہداف کے حصے کے طور پر ریئل اسٹیٹ مارکیٹ میں اعتماد کو بھی بڑھا رہا ہے۔ سعودی وژن میں ہاؤسنگ سیکٹر کو ترقی دینا اور ملکیت کی شرح میں اضافہ کرنا شامل ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ یہ قدم مکان مالکان اور کرایہ داروں کے مفادات کے درمیان زیادہ توازن پیدا کرے گا۔

یمن میں لاکھوں افراد کو قحط سے بچانے کی اپیل

آسفیم، کیئر، نارویجن ریفیوجی کونسل، سیوڈی چلڈرن اور انٹرسوس 47 تنظیموں میں شامل

صنعا (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن کی بگڑتی ہوئی انسانی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے 47 انسانی حقوق اور امدادی تنظیموں نے عالمی برادری کو خبردار کر دیا۔ بیان میں کہا گیا کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو کروڑوں یمنی باشندے بھوک اور قحط کے دلدل میں پھنس جائیں گے۔ یہ اپیل اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر جاری کی گئی، جس میں کہا گیا کہ یمن کی بگڑتی ہوئی صورتحال نے عوام سے زندگی کی بنیادی سہولیات چھین لی ہیں اور ہر دن ان کے لیے بقا کی جنگ میں بدل چکا ہے۔ بیان میں زور دیا گیا کہ انسانی جانیں بچانے اور تباہ کن بحران کو مزید گہرا ہونے سے روکنے کے لیے ہنگامی اور مربوط اقدامات ناگزیر ہیں۔ بیان پر دستخط کرنے والی تنظیموں میں اوکسفیم، کیئر، نارویجین ریفیوجی کونسل، سیوڈی چلڈرن اور انٹرسوس جیسی نمایاں عالمی اور مقامی ادارے شامل ہیں۔ ان اداروں نے خبردار کیا کہ یمن گزشتہ ایک دہائی میں بدترین مالیاتی بحران سے دوچار ہے جس کی وجہ سے انسانی المیہ تیزی سے شدت اختیار کر رہا ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق اس وقت ایک کروڑ 70 لاکھ سے زائد یمنی عوام کو بھوک کا خطرہ لاحق ہے جن میں کم از کم 41 ہزار افراد قحط کی بدترین سطح پر پہنچنے کے قریب ہیں۔ مزید یہ کہ 24 لاکھ سے زائد بچے جو 5 برس سے کم عمر کے ہیں شدید غذائی قلت کا شکار ہیں اور ان میں سے لاکھوں کی زندگیاں فوری مداخلت کے بغیر خطرے میں ہیں۔ تنظیموں نے متنبہ کیا کہ یہ اعداد وشمار مزید بڑھ سکتے ہیں کیوں کہ امداد میں مسلسل کمی، بیماریوں کے پھیلاؤ اور معاشی بدحالی نے عوام کی برداشت کی قوت ختم کر دی ہے۔ بیان کے مطابق اگر 2025ء کے باقی مہینوں میں کوئی فوری عالمی اقدام نہ کیا گیا تو یمن کے سب سے کمزور علاقے کھلے عام قحط کا سامنا کریں گے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ حالیہ تباہ کن سیلاب، خطے میں بڑھتی کشیدگی اور اقوام متحدہ کے ملازمین اور انسانی کارکنوں کی ایک برس سے زائد عرصے سے جاری جبری گرفتاریوں نے انسانی بحران کو مزید گمبھیر بنا دیا ہے اور ضرورت مند عوام تک امداد پہنچنے کے راستے مسدود کر دیے ہیں۔ ان تنظیموں نے عطیہ دینے والے ممالک سے فوری مالی معاونت کی فراہمی کا مطالبہ کیا ہے۔

چین میں انجینئرنگ کا شاہکار، مصنوعی ذہانت کی مدد سے ڈیم تیار

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین نے جدید انجینئرنگ میں ایک نیا سنگ میل عبور کرتے ہوئے سنکیانگ کے علاقے میں مصنوعی ذہانت کی مدد سے تعمیر کیے گئے ڈیم میں پانی بھرنے کا آغاز کر دیا۔ چین کے نیم خود مختار علاقے سنکیانگ میں واقع 247 میٹر بلند یہ ڈیم دنیا کا سب سے اونچا کنکریٹ فیسڈ راک فل ڈیم ہے۔ اس کی تعمیر میں مکمل طور پر خودکار اور ذہین ٹیکنالوجی کا استعمال ہے، اس میں بغیر ڈرائیور کی مشینیں، مصنوعی ذہانت، ڈیجیٹل ٹوئن اور بلاک چین جیسی ٹیکنالوجیز شامل ہیں۔

بجٹ کٹوتیوں کیخلاف فرانس میں ملک گیر احتجاج

مظاہروں میں 5 لاکھ افراد کی شرکت کی سرکاری تصدیق، 80 ہزار پولیس اہلکار تعینات

پیرس (مانیٹرنگ ڈیسک) فرانس میں حکومتی پالیسیوں اور معاشی بحران کے خلاف شدید مظاہرے شروع ہو گئے اور عوام بجٹ کٹوتیوں، مہنگائی، پنشن اصلاحات پر لاکھوں کی تعداد میں سڑکوں پر نکل آئے۔ مظاہروں کے دوران پولیس اور مظاہرین کے درمیان جھڑپیں ہوئیں، جس میں درجنوں افراد زخمی اور سیکڑوں گرفتار ہو گئے۔ پولیس نے ہنگامہ آرائی کو قابو کرنے کے لیے مظاہرین پر آنسو گیس کے شیل فائر کیے، جس کے نتیجے میں 100 سے زائد افراد زخمی ہوئے۔ کئی شہروں میں مظاہرین نے سڑکیں بند کر دیں اور بعض مقامات پر آگ بھی لگا دی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ 300 سے زائد مظاہرین کو گرفتار کیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق مظاہروں میں شریک افراد کی تعداد تقریباً 5 لاکھ تھی، جب کہ منتظمین کا دعویٰ ہے کہ 10 لاکھ افراد احتجاج میں شریک ہوئے۔ مظاہرین نے حکومت پر امیروں کو فائدہ پہنچانے کا الزام لگا دیا۔ مظاہروں میں اساتذہ، ٹرین ڈرائیورز، طلبہ، مزدور اور سرکاری ملازم بھی شامل ہوئے۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ پنشن اصلاحات واپس لی جائیں اور امیروں پر ٹیکس لگایا جائے۔ مظاہرین نے نعرے لگاتے ہوئے کہا کہ عوامی خدمات کا بجٹ بحال کرو، صحت وتعلیم بچاؤ۔ واضح رہے کہ فرانسیسی حکومت پر بیرونی قرضوں اور غلط پالیسیوں کا شدید دباؤ ہے۔ دوسری جانب پولیس کی جانب سے کسی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے 80 ہزار سے زائد پولیس اہلکار تعینات کر دیے گئے ہیں۔

فرانس: حکومت کیخلاف احتجاج میں ہزاروں افراد سڑک پر موجود ہیں

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	283.60 PKR	284.10 PKR
Euro	EUR	327.75 PKR	329.20 PKR
British Pound	GBP	379.20 PKR	380.70 PKR
UAE Dirham	AED	77.20 PKR	77.35 PKR
Saudi Riyal	SAR	75.50 PKR	75.65 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	917.75 PKR	925.75 PKR
Canadian Dollar	CAD	202.50 PKR	207.50 PKR
Australian Dollar	AUD	180.50 PKR	185.50 PKR
Omani Riyal	OMR	735.80 PKR	738.30 PKR
Japanese Yen	JPY	1.90 PKR	2.00 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.40 PKR	67.00 PKR
Qatari Riyal	QAR	77.05 PKR	77.75 PKR
Bahrain Dinar	BHD	751.25 PKR	753.75 PKR
Thai Bhat	THB	8.58 PKR	8.73 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.01 PKR	39.41 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.88 PKR	36.23 PKR
Danish Krone	DKK	43.60 PKR	44.00 PKR
New Zealand Dollar	NZD	162.53 PKR	164.53 PKR
Singapore Dollar	SGD	217.00 PKR	224.00 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.47 PKR	27.77 PKR
Swedish Krona	SEK	29.08 PKR	29.38 PKR
Swiss Franc	CHF	347.32 PKR	350.07 PKR
Indian Rupee	INR	3.15 PKR	3.24 PKR

پاکستان میں مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 361,200	Rs. 309,680
22k	Rs. 331,100	Rs. 283,871
21k	Rs. 316,053	Rs. 270,971
20k	Rs. 301,080	Rs. 258,134
18k	Rs. 270,902	Rs. 232,260
14k	Rs. 210,709	Rs. 180,653
12k	Rs. 210,709	Rs. 154,840

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 3,534	Rs. 4,117
Karachi	Rs. 3,534	Rs. 4,117
Lahore	Rs. 3,534	Rs. 4,117
Islamabad	Rs. 3,534	Rs. 4,117
Rawalpindi	Rs. 3,534	Rs. 4,117
Peshawar	Rs. 3,534	Rs. 4,117

پاکستان کے مختلف صوبوں میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 0 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 0 /Kg

سعودی عرب: کام کے دوران چوٹیں لگنے کے واقعات میں 41 فیصد کمی

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب میں پیشہ ورانہ چوٹوں کی شرح 6 سالوں میں 41 فیصد کم ہوگئی۔ سعودی نیشنل کونسل فار آکیوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ کے مطابق اس کی وجہ ایسے کام کے نظام کی دستیابی ہے جو غیر متعدی بیماریوں کی جلد تشخیص کو فروغ دیتا ہے، کام کی جگہ پر کارکنوں کی صحت کی دیکھ بھال کرتا ہے، پیشہ ورانہ چوٹوں اور بیماریوں کی شرح کو کم کرتا اور حساس پیشوں کے لیے اہل افراد کے انتخاب کو یقینی بناتا ہے۔ ملازمین کی حفاظت اور صحت کے شعبے میں سعودی عرب کی کوششیں ایک مربوط حکمت عملی پر مبنی ہیں جس میں قوانین اور ضوابط کو اپ ڈیٹ کرنا، مختلف شعبوں میں صحت اور حفاظت کے طریقوں کی نگرانی کو مضبوط بنانا، اور حفاظت اور صحت کے شعبے میں تربیت اور اہلیت کے پروگرام تیار کرنا شامل ہیں۔ پیشہ ورانہ مہارت کا مقصد کارکنوں کو ضروری حفاظتی اقدامات کرنے اور پیشہ ورانہ خطرات سے محفوظ طریقے سے نمٹنے کے لیے بااختیار بنانا ہے۔

برطانیہ کا تارکین وطن پر قابو پانے کے لیے ڈیجیٹل کارڈ جاری کرنے کا فیصلہ

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانوی حکومت نے غیر قانونی تارکین وطن پر قابو پانے کے لیے نیا پلان متعارف کرا دیا۔ وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے برطانیہ کے تمام شہریوں کے لیے ڈیجیٹل آئی ڈی کارڈ جاری کرنے کا اعلان کر دیا۔ نوکری اور مکان کرائے پر لینے کے لیے کارڈ لازمی ہوگا۔ برطانوی حکومت تمام قانونی رہائشیوں کو یہ کارڈ مفت مہیا کرے گی۔ برطانوی میڈیا کے مطابق کارڈ ایک مرکزی ڈیٹا بیس کیساتھ منسلک ہوگا۔

دبئی میں بغیر ڈرائیور چلنے والی ٹیکسیاں جلد متعارف کرانے کی تیاری

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) دبئی کی روڈز اینڈ ٹرانسپورٹ اتھارٹی نے 2026ء کی پہلی سہ ماہی میں ابتدائی ٹیسٹنگ مکمل ہونے کے بعد سڑکوں پر بغیر ڈرائیور کے ٹیکسیاں چلانے کی تیاری شروع کر دی۔ آر ٹی اے نے تصدیق کی کہ جمیرہ سمیت منتخب علاقوں میں پہلے سے ہی ان ٹیکسیوں کی ٹیسٹنگ جاری ہے۔ یہ ڈرائیکز رواں سال کے آغاز میں گاڑیاں بنانے والی مشہور کمپنیوں پونی اے آئی، بائی ڈو اور وی رائیڈ کے ساتھ کیے گئے معاہدوں کے مطابق کیے جا رہے ہیں۔

برازیل: پولیس اہلکار فائرنگ میں ہلاک ہونے کی لاش سے شواہد اکٹھے کر رہے ہیں

ایم آئی 6 کی دنیا بھر میں آن لائن بھرتیاں شروع

سائکنٹ کوریئر نامی پورٹل کے لیے ڈارک ویب کا استعمال، سیکرٹ سروس سربراہ کا اعلان

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ کی خفیہ ایجنسی ایم آئی 6 نے روس اور دنیا کے دیگر ممالک میں نئے جاسوسوں کی بھرتی کے لیے نیا طریقہ اپنا لیا۔ رپورٹ کے مطابق برطانوی انٹیلی جنس سروس ایم آئی 6 نے ایک نیا آن لائن پورٹل شروع کیا ہے جس کے بارے میں کہا جا رہا ہے کہ یہ روس اور دیگر ممالک میں بھرتی کیے گئے جاسوسوں کو ڈارک ویب کے ذریعے محفوظ طریقے سے ایجنسی کو پیغامات بھیجنے کی اجازت دے گا۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق ایم آئی 6 کے سیکرٹ ہونے والے سربراہ رچرڈ مور اپنی آخری تقریر میں اس پورٹل کا اعلان کریں گے جسے سائکنٹ کوریئر کا نام دیا گیا ہے۔ خفیہ ایجنسی اپنے سرکاری یوٹیوب چینل پر بھی پورٹل کے حوالے سے ہدایات شائع کرے گی تا کہ بھرتی ہونے والوں کو دشمن انٹیلی جنس سروسز میں یا دہشت گردی کے بارے میں معلومات فراہم کرنے میں مدد ملے۔ بیان میں کہا گیا کہ آج ہماری درخواست ان لوگوں سے ہے جو عالمی عدم استحکام، بین الاقوامی دہشت گردی یا دشمن ریاستی انٹیلی جنس سرگرمیوں کے بارے میں حساس معلومات رکھتے ہیں۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ ایسے لوگ آن لائن ایم آئی 6 سے محفوظ طریقے سے رابطہ کریں، ہمارے دروازے آپ کے لیے کھلے ہیں۔ رپورٹ کے مطابق برطانیہ کے لیے جاسوسی کرنے کے خواہشمندوں کے لیے مشورہ ہے کہ وہ ٹور براؤزر ڈاؤن لوڈ کریں اور ایسی ڈیوائس استعمال کریں۔

روس: زلزلے کے باعث مکان کا ملبہ سڑک پر پڑا ہوا ہے

بھارتی ریاست میگھالیہ میں سالانہ 11 ہزار ملی میٹر بارش

نئی دہلی (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی ریاست میگھالیہ کو دنیا کا سب سے گیلا خطہ قرار دے دیا، جہاں کے 2 مقامات عالمی سطح پر سب سے زیادہ بارش کے باعث مشہور ہیں۔ سب سے پہلا نام موسین رام ہے۔ یہ دنیا کا سب سے زیادہ بارش والا گاؤں مانا جاتا ہے، جہاں اوسط سالانہ بارش تقریباً 11 ہزار 800 ملی میٹر (تقریباً 12 میٹر) تک ریکارڈ کی گئی ہے۔ اس کے بعد دوسرے نمبر پر چیرا پنجی کا نام ہے، جہاں اوسط سالانہ بارش تقریباً 11 ہزار ملی میٹر ریکارڈ کی گئی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہاں خلیج بنگال سے آنے والے مون سون کے بادل خاسی اور جینتیا پہاڑی سلسلے سے ٹکرا کر بہت زیادہ بارش برساتے ہیں۔

ٹرمپ کا چین کے ساتھ ٹک ٹاک ڈیل کو قانونی قرار دینے کا فیصلہ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) وائٹ ہاؤس نے اعلان کیا ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ رواں ہفتے کے آخر میں ایک ایگزیکٹو آرڈر پر دستخط کریں گے جس کے تحت ٹک ٹاک کے امریکی آپریشنز کو چینی کمپنی بائٹ ڈانس سے الگ کرنے کا معاہدہ قانونی قرار دیا جائے گا۔ وائٹ ہاؤس کے ایک عہدیدار نے بتایا کہ واشنگٹن کو یقین ہے کہ چین نے اس ڈیل کی منظوری دے دی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ مزید بات چیت کی ضرورت نہیں تاہم دونوں فریقین سے حتمی شکل کے لیے چند اضافی دستاویزات درکار ہیں۔

یورپ میں گرمی سے 60 ہزار ہلاکتوں کا انکشاف

اٹلی 19 ہزار اموات کے ساتھ سرفہرست، اسپین اور جرمنی میں بڑی تعداد گرمی کا شکار ہوئی

برسلز (مانیٹرنگ ڈیسک) براعظم یورپ پر موسمیاتی تبدیلی کے تباہ کن اثرات کے بارے میں ایک نئے انتباہ میں جاری کی گئی ایک بڑی تحقیق کے مطابق گزشتہ سال کی ریکارڈ توڑ گرمیوں کے دوران یورپ میں ہیٹ ویوز سے 60 ہزار سے زائد ہلاکتیں ہوئیں۔ یورپ میں درجہ حرارت عالمی اوسط سے دوگنا تیزی سے بڑھا ہے۔ اسپین میں مقیم محققین نے بتایا کہ ہنگامی وارننگ سسٹم خطرناک گرمی کی لہروں سے پہلے سب سے زیادہ کمزور خاص طور پر معمر افراد سو خبردار کرنے میں مدد کر سکتا ہے۔ جریدے نیچر میڈیسن میں شائع ہونے والی اس تحقیق میں یہ بھی وضاحت کی گئی ہے کہ یورپ نے 2024ء میں ایک غیر معمولی مہلک موسم گرما کا مشاہدہ کیا جس میں گرمی سے متعلق 60 ہزار سے زیادہ اموات ہوئیں۔ اس سے گزشتہ 3 موسموں میں گرمی سے مرنے والوں کی مجموعی تعداد ایک لاکھ 81 ہزار سے زیادہ ہوگئی ہے۔ بارسلونا انسٹی ٹیوٹ فار گلوبل ہیلتھ کے محققین 53 کروڑ 90 لاکھ کی آبادی پر محیط 32 یورپی ملکوں کے علاقوں سے اموات کے اعداد وشمار کا تجزیہ کر کے اس اعداد وشمار تک پہنچے ہیں۔

فلپائن: ریسکیو ٹیم طوفان کے دوران پھنسے ہوئے افراد کو محفوظ مقام پر منتقل کر رہی ہے

بقیہ 1 تجارت نیوز

آرڈیننس کو حتمی شکل دینے سے پہلے برآمد کنندگان اور درآمد کنندگان کی تمام اہم ایسوسی ایشنز سے رائے لی جائے گی۔ چیئرمین سینیٹر مسرور احسن نے ہدایت کی کہ تمام سٹیک ہولڈرز اپنی سفارشات تحریری طور پر آئندہ اجلاس سے پہلے جمع کرائیں۔ اجلاس میں سب سے اہم معاملہ ڈائریکٹر جنرل پلانٹ پروٹیکشن (ڈی پی پی) کی تعیناتی پر عدالتی احکامات کی عدم تعمیل پر غور کیا گیا۔ چیئرمین سید مسرور احسن نے کہا کہ یہ تعیناتی عدالت کے ذریعہ کالعدم قرار دی جا چکی ہے، اس کے باوجود کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا گیا۔ سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ کمیٹی نے واضح طور پر سفارش کی تھی کہ اس افسر کو عہدے سے ہٹایا جائے، لیکن اب تک عملدرآمد نہیں ہوا۔ وزارت کے حکام نے یقین دہانی کرائی کہ وزیر کی واپسی کے بعد معاملہ جلد حل کر دیا جائے گا۔ کمیٹی نے ڈاکٹر طارق خان، مسز اللہ دتہ عابد اور سہیل شہزاد (سابق ڈائریکٹرز، ٹیکنیکل) کے خلاف انکوائری رپورٹس کا جائزہ لیا۔ ان افسران کے موقف سننے کے بعد کمیٹی نے شدید تشویش کا اظہار کیا۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ یہ الزامات معمولی نہیں ہیں، ہمیں یہ طے کرنے کے لیے تفصیلی تحقیقات کی ضرورت ہے کہ الزامات منصفانہ بنیادوں پر لگائے گئے یا نہیں۔ شفافیت کو یقینی بنانے کے لیے ایک ذیلی کمیٹی سینیٹر پونجو بھیل کی سربراہی میں تشکیل دی گئی جس میں سینیٹر سلیم مانڈوی والا بھی شامل ہوں گے۔ یہ کمیٹی تمام انکوائریوں کا از سرنو جائزہ لے گی۔ وزارت فوڈ سکیورٹی کے سیکرٹری نے بریفنگ دیتے ہوئے کمیٹی کو بتایا کہ ان افسران کے خلاف دو الگ الگ انکوائریاں کی گئی تھیں۔ ایک انکوائری چاول کی کھیپ میں بے ضابطگیوں پر تھی جبکہ دوسری انکوائری 2005ء سے 2025ء تک کے عرصے پر محیط تھی جس میں 49 افسران (بشمول ریٹائرڈ) شامل تھے، کچھ افسران کو سبکدوش کر دیا گیا جبکہ دیگر کے خلاف محکمانہ کارروائی کی گئی۔ سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ یہ معاملہ صرف ان افسران کو سزا دینے سے حل نہیں ہوگا جو اصل ذمہ دار نہیں تھے۔ سینیٹر سلیم مانڈوی والا نے بھی مزید جامع تحقیقات کا مطالبہ کیا۔ وزارت فوڈ سکیورٹی کے حکام نے سیلابی تباہ کاریوں پر بریفنگ دی اور بتایا کہ 25 لاکھ ایکڑ زرعی زمین ملک بھر میں متاثر ہوئی، پنجاب اور خیبر پختونخوا کی 7 فیصد زرعی زمین کو شدید نقصان پہنچا، صرف خیبر پختونخوا میں 35 لاکھ ایکڑ زمین متاثر ہوئی، پنجاب میں سب سے زیادہ متاثرہ فصلیں چاول، گنا اور مکئی ہیں۔ چیئرمین کمیٹی سینیٹر مسرور احسن نے کہا کہ یہ ایک قومی المیہ ہے، متاثرہ علاقوں کو فوری طور پر آفت زدہ قرار دیا جائے اور متاثرین کو بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت فوری امداد فراہم کی جائے۔ سینیٹر ایمل ولی خان نے بھی اس مطالبے کی تائید کی اور کہا کہ زرعی تباہی سے نمٹنے کے لیے قومی سطح کے ہنگامی ردعمل کی ضرورت ہے۔ کمیٹی نے صوبوں کے درمیان گندم کی ترسیل پر پابندیوں کے مسئلے کا بھی جائزہ لیا۔ سینیٹر ایمل ولی خان نے خیبر پختونخوا میں گندم کی کمی پر سوال اٹھایا۔ سینیٹر دنیش کمار نے کہا کہ بلوچستان کے عوام بھی اسی ناانصافی کا شکار ہیں، یہ رویہ قومی اتحاد کو نقصان پہنچا رہا ہے۔ چیئرمین کمیٹی کہا کہ آئین کے آرٹیکل 151 کے تحت صوبوں کے درمیان آزاد تجارت کو یقینی بنایا جائے، تجارت اور کاروبار کو صوبوں کے درمیان آزادانہ طور پر چلنے دینا چاہیے۔ چیئرمین کمیٹی سینیٹر سید مسرور احسن نے کمیٹی کے فیصلوں کا جامع خلاصہ پیش کیا۔ ذیلی کمیٹی افسران کے خلاف انکوائریوں کا تفصیلی جائزہ لے گی، ڈی پی پی کے فضائی آپریشنز اور بجٹ مختص کی تھرڈ پارٹی آڈٹ کیا جائے گا۔ چیئرمین کمیٹی نے مزید کہا کہ ہم قومی مفادات کو پٹری سے اترنے نہیں دیں گے، عوام، معیشت اور قومی وحدت پہلے ہیں اور یہ کمیٹی اس بات کو یقینی بنائے گی۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

کا نتیجہ ہے۔ آئی ایم ایف کی مینیجنگ ڈائریکٹر نے پاکستان کی معاشی کارکردگی اور اصلاحات کو سراہا ہے اور سیلاب کے باعث تعاون کی یقین دہانی کرائی ہے۔ پہلی مرتبہ آئی ایم ایف کی کسی مینجنگ ڈائریکٹر نے یہ تعریف کی ہے کہ پاکستان نے معاشی بہتری کے لیے مثالی اقدامات کیے ہیں، شہباز شریف نے نیویارک میں بنگلہ دیش کے چیف ایڈوائزر پروفیسر محمد یونس اور بل گیٹس فاؤنڈیشن کے بانی بل گیٹس سے بھی ملاقاتیں کیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ گردشی قرضہ ہمارے وسائل نگل رہا تھا، اس منصوبے کا سہرا وزیر توانائی کی سربراہی میں ٹاسک فورس اور تمام متعلقہ فریقین کو جاتا ہے جنہوں نے آئی پی پیز کے ساتھ کامیاب مذاکرات کیے۔ اب اگلا مرحلہ ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کی نجکاری اور لائن لاسز پر قابو پانے کا ہے۔ وفاقی وزیر پاور ڈویژن اویس لغاری نے کہا کہ اس سکیم کے تحت آئندہ چھ سال میں گردشی قرضے سے مکمل نجات حاصل کر لی جائے گی۔ پہلے صارف جو 3.23 روپے ڈیٹ سروس سرچارج ادا کرتا وہ صرف سود کی ادائے سود کی ادائیگی میں۔ ٹیگی میں استعمال ہوتا تھا، اب ڈیٹ سروس سرچارج اصل قرض کی ادائیگی میں بھی استعمال کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا گردشی قرضے کے خاتمے کے لیے گزشتہ ایک سال سے کوششیں جاری تھیں۔ یہ سکیم اہم سنگ میل ہے۔ اس کے توانائی کے شعبے پر دوررس اثرات مرتب ہوں گے۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

صرف 40 کروڑ ڈالر مالیت کے بانڈز کے اجرا کا فیصلہ ہوا ہے، ابھی تک 16 کروڑ 83 لاکھ ڈالر کے نیا پاکستان سرٹیفکیٹس جاری کیے گئے ہیں، اگست میں سعودی آئل فیسیلٹی کے تحت 10 کروڑ ڈالر موصول ہوئے جبکہ گزشتہ دو ماہ کے دوران 3 کروڑ 24 لاکھ ڈالر کی گرانٹس موصول ہوئی ہیں، واضح رہے کہ 16 ستمبر کو ملکی قرضوں کے حوالے سے وفاقی وزارت خزانہ کی جانب سے وضاحت جاری کی گئی تھی جس میں ترجمان وزارت خزانہ نے موقف اپنایا تھا کہ تاریخ میں پہلی بار 2600 ارب روپے قرض قبل از وقت واپس کیا گیا ہے، ملکی قرضوں کی صورتحال پہلے سے زیادہ پائیدار ہے۔ وزارت خزانہ کا کہنا ہے رواں سال سود کی ادائیگی کیلئے 8.2 ٹریلین رکھے گئے ہیں، گزشتہ سال سود ادائیگیوں کی لئی رقم 9.8 ٹریلین روپے مختص کی گئی تھی۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

نئے سفر کا نقطہ آغاز ہے، اڑان پاکستان کا ہدف پاکستان کو 2035 تک ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانا ہے۔ فائیو ایز فریم ورک اور سی پیک کی پانچ راہداریاں ایک دوسرے سے جڑی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گروتھ راہداری پاکستان کی برآمدات بڑھانے اور معاشی ترقی تیز کرنے کا احاطہ کرتی ہے، برآمدات کو پائیدار ترقی کا محور بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا چین کی دو ٹریلین ڈالر برآمدات میں انتہائی کم حصہ ہے، پاکستانی مصنوعات پر بھی آسیان ممالک کی ٹیرف نافذ کرنے کی تجویز دی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ روزگار پیدا کرنے کی راہداری پاکستان کے پسماندہ علاقوں کی ترقی احاطہ کرتی ہے، انوویشن راہداری کا مقصد ٹیکنالوجی میں چین کے تجربات سے فائدہ اٹھانے اور ڈیجیٹل سلک روٹ بنانا ہے۔ احسن اقبال نے کہا کہ گرین انرجی راہداری موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے نمٹنے اور تیار رہنے میں باہمی تعاون کو فروغ دے گی جبکہ انفراسٹرکچر راہداری میں وسطی ایشیاء اور افغانستان کے ساتھ علاقائی ربط کے لئے ٹرانسپورٹ انفراسٹرکچر کی تعمیر شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ صدر شی جین پنگ کا خوشحالی اور مشترکہ علاقائی ترقی کا وژن اڑان پاکستان سے ہم آہنگ ہے، پاکستان نے سی پیک فیز ٹو میں عوام کی ترقی اور نوجوانوں کی ہنرمندی کو مرکزی حیثیت دینے کی تجویز پیش کی ہے۔ اُن کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کی آبادی کا بڑا حصہ نوجوانوں پر مشتمل ہے، سی پیک فیز 2 نوجوانوں کو قومی ترقی کے سفر میں شامل کرے گا، اگلے دس سالوں میں دس ہزار نوجوانوں کو نئی اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز میں چین کی پچاس بڑی یونیورسٹیوں میں پی ایچ ڈی کی تجویز دی ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ تربیت سے پاکستان کی معیشت کی بنیاد کو جدید ٹیکنالوجی پر استوار کرنے میں مدد ملے گی، اگلی دو دہائیوں میں پاکستان کے نوجوانوں کو ڈیجیٹل صلاحیتوں سے آراستہ کر کے معاشی انقلاب لا سکتے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کے نوجوانوں کو جدید تعلیم و تربیت سے لیس کرنا ہمارا پہلا ہدف ہے، چین کے ہنرمندی پر مبنی فنی تعلیمی و تربیتی تعاون پر بھی بات چیت ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان سے غربت کیلئے خاتمے چین کے اقدامات پر عمل کرے گا، چین کے تجربے سے سیکھ کر ملک میں پائیدار ترقی اور عوامی خوشحالی کو فروغ دیا جا سکتا ہے۔ وفاقی وزیر نے بتایا کہ شاہراہ قراقرم کے دوسرے مرحلہ پر کام کی رفتار تیز کرنے پر اتفاق ہوا جبکہ گوادر کو بلوچستان کی معدنیات سے منسلک کرنے کے لیے معدنیات راہداری کے قیام پر تبادلہ خیال ہوا ہے۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

میں یہ زیادہ نایاب نہیں لیکن اکثر منتشر یا دیگر عناصر کے ساتھ ملے ہوتے ہیں۔ اس وجہ سے ان کا نکالنا تکنیکی طور پر مشکل اور مہنگا ہے۔ امریکی جیولوجیکل سروے نے امریکا کے لیے اہم معدنیات و دھاتی عناصر کی تازہ فہرست مرتب کی ہے جس میں تانبا اور نے امریکا معدنیات تانبا چاندی سمیت 54 معدن وعنصر'' شامل ہیں۔ ان میں سے کئی صنعت، اسلحہ سازی اور ہائی ٹیک مینوفیکچرنگ کے لیے ناگزیر ہیں۔ صدر ٹرمپ اسی ارضی خزانے کے سلسلے میں پاکستان سے قربت و دوستی چاہتے ہیں۔ ماہرین ارضیات کی رو سے ارض پاکستان کا تقریباً ایک چوتھائی حصہ ایسی چٹانوں پر مشتمل ہے جن میں کو بالٹ اور لی تھیم جیسے نایاب دھاتی عناصر اور اہم معدنیات کی موجودگی کا قوی امکان ہے۔ امریکی کمپنیاں یہ دولت تلاش کرنے میں پاکستان کی مدد کریں گی۔ تانبا اور سونا تو بلوچستانی کانوں سے نکل ہی رہے ہیں۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

کرتا ہے۔ یہ انضمام ایس ای سی پی کو زیادہ اسمارٹ، تیز تر اور محفوظ مارکیٹ نگرانی کرنے کے قابل بنائے گا، جس میں وہی جدید ٹیکنالوجی استعمال ہوگی جو پی ایس ایکس کے پاس موجود ہے۔ یہ تعاون ریگولیٹری ہم آہنگی کو مضبوط بنانے اور تمام شرکا کے لیے منصفانہ اور شفاف مارکیٹ کو یقینی بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

کا ڈیٹا ہے۔ 6 ہزار جیولرز نے اپنی آمدنی صفر ظاہر کی ہے جبکہ 14 ہزار جیولرز نے ٹیکس گوشوارے جمع نہیں کرائے۔ 15 ہزار جیولرز نے ٹیکس گوشواروں میں اپنی آمدنی حقائق کے برعکس ظاہر کیے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ چیئرمین ایف بی آر نے کہا ہے 30 ستمبر تک بعد درست گوشوارے اور مطلوبہ ٹیکس کی عدم ادائیگیوں کے مرتکب جیولرز کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کیا جائے گا۔ انھوں نے بتایا کہ ایف بی آر نے جیولرز کو چار کیٹیگری اے، بی، سی اور ڈی کی کیٹگری میں تقسیم کر دیا ہے، اے کیٹیگری جیولرز کی دکانوں پر گرین پلیٹ لگائی جائے گی، بی کیٹیگری جیولرز کی دکانوں پر یلو پلیٹ لگائی جائیگی جبکہ سی اور ڈی کیٹیگری کا فیصلہ بعد میں کیا جائے گا۔ پندرہ رکنی وفد کے سربراہ نے بتایا کہ جیولرز کے مسائل دیکھنے کے لیے 4 رکنی کمیٹی تشکیل دیدی ہے۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

جنرل ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن امپورٹ اور ایکسپورٹ میں درپیش مسائل کو حل کر کے ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے میں اپنا اہم کردار ادا کریں گے۔ تاجر برادری کا مزید کہنا تھا کہ لیبارٹریز کے مسائل کی وجہ سے انہیں کروڑوں نہیں اربوں روپے کا نقصان اٹھانا پڑا ہے تو دوسری جانب چھالیہ کی امپورٹ پر سات مخصوص کمپنیوں کو اجارہ داری دے دی گئی ہے اور سوچی سمجھی سازش کے تحت باقی امپورٹرز کے سیمپلز کو ان فٹ قرار دے کر انہیں مارکیٹوں سے آوٹ کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ جس کے نتیجے میں پاکستان کے مختلف شہروں میں اسمگل چھالیہ کا نیٹ ورک ایک بار پھر فعال ہو چکا ہے۔ تاجر برادری کے مطابق ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن میں نئے ڈائریکٹر جنرل کی تعیناتی کے بعد وہ اپنی مرضی کی لیبارٹریز میں سیمپلز روانہ کر سکیں گے۔ تاہم سابق ڈی جی کی عدالتی حکم پر برطرفی کو کئی روز گزرنے جانے کے باوجود ملکی معیشت میں اہم ترین کردار ادا کرنے والے اس ادارے میں تاحال نئے ڈائریکٹر جنرل کی تعیناتی عمل میں نہیں لائی جاسکی ہے اور انتظامی امور تعطل کا شکار ہیں۔ جس کے پیش نظر ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروڈکشن میں فوری طور پر تجربہ کار اور قابل افسر کو بطور ڈی جی تعینات کیا جائے۔ تاجر برادری نے مزید بتایا کہ گزشتہ ماہ ڈائریکٹر کورنٹائن ڈاکٹر عبدالباسط کے دستخط سے جو نوٹیفکیشن نکالے گئے ہیں ان کو بھی کالعدم کیے جانے کی امید ہے۔ ملک بھر سے تعلق رکھنے والے قانونی درامد و برامد کنندگان، صنعتکاروں اور تاجروں کا کہنا تھا کہ ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن میں قابل اور تجربہ کار افسر کی تعیناتی کے نتیجے میں ٹیکس شارٹ فال کا مکمل طور پر خاتمہ ہوسکتا ہے۔ تاجر برادری نے امید ظاہر کی کہ نئے تعینات ہونے والے ڈائریکٹر جنرل ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن لکڑی کی امپورٹ، پاکستانی آم کی ایکسپورٹ اور گندم سمیت دیگر اہم ترین مسائل کو حل کرنے میں اپنا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ملک بھر سے تعلق رکھنے والی تاجر برادری کا متفقہ موقف ہے کہ سابق ڈائریکٹر جنرل ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن طارق خان کورنٹائن ایکٹ کے تجربہ کار افسر ہیں جن کی تعیناتی کے دوران تاجروں کو امپورٹ اور ایکسپورٹ سمیت دیگر امور میں کسی بھی قسم کی پریشانی کا سامنا کرنا نہیں پڑتا تھا تاہم طارق خان کی عہدے سے برطرفی کے بعد تاجروں کو شدید مشکلات کا سامان کرنا پڑا ہے۔ سندھ ہائی کورٹ کی جانب سے جاری کیے جانے والے فیصلے کے بعد ان میں ایک بار پھر نئی امید جاگ چکی ہے اور وہ ملک کی تعمیروترقی میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں تاہم ضروری ہے کہ حکومتی جانب سے بھی انہیں ایسی سہولیات میسر کی جائیں کہ وہ امپورٹ وایکسپورٹ کے ذریعے ملک کی جی ڈی پی میں مزید اضافہ کر سکیں واضح رہے کہ سابق ڈائریکٹر جنرل ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن طاہر عباس کی قواعد وضوابط کے خلاف تعیناتی کو سابق ڈی جی ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن طارق خان کی جانب سے سندھ ہائی کورٹ میں چیلنج کیا گیا تھا جس پر فیصلہ سناتے ہوئے معزز عدالت کی جانب سے ڈائریکٹر جنرل ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن طاہر عباس کو عہدے سے برطرف کردیا گیا تھا۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

یقینی صورتحال کو پس پشت ڈال کر ملکی معاشی اشاریوں میں بہتری اور مثبت کارپوریٹ آؤٹ لک پر توجہ مرکوز رکھی، جس سے مارکیٹ کا موڈ پورے دن مثبت رہا۔ اسٹاک ایکسچینج میں جمعے کو بھی بڑی نوعیت کی تیزی رہی جس سے انڈیکس کی 1 لاکھ 60 ہزار 1 لاکھ 61 ہزار اور 1 لاکھ 62 ہزار پوائنٹس کی 3 نئی بلندترین سطحیں بھی رقم ہوگئیں۔ تیزی کے سبب 47.10 فیصد حصص کی قیمتیں بڑھ گئیں جبکہ حصص کی مالیت میں 2 کھرب 72 ارب 18 کروڑ 70 لاکھ 29 ہزار 983 روپے کا اضافہ ہوگیا۔ کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 2976.92 پوائنٹس کے اضافے سے 162257.01 پوائنٹس کی نئی بلندترین سطح پر بند ہوا، معاشی ماہرین کے مطابق اسٹاک مارکیٹ میں حالیہ تیزی کے پیچھے متعدد اہم عوامل کارفرما ہیں۔ کے ٹریڈ سکیورٹیز لمیٹڈ کے احمد شراز نے کہا کہ سرمایہ کاری کے جذبات اس وقت بلند ہیں، خاص طور پر حالیہ پاک سعودی دفاعی معاہدے، وزیراعظم شہباز شریف اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی اعلی سطح ملاقات نے بین الاقوامی تعلقات کے نئے دور کی امید پیدا کی ہے، توانائی کے شعبے پر دباؤ کم کرنے کیلیے سرکلر ڈیٹ ریٹائرمنٹ پلان کا اعلان بھی سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافے کا باعث بنا ہے، ان تمام پیشرفتوں نے پاکستان کی معاشی اور جغرافیائی سیاسی پوزیشننگ کو مضبوط کرنے میں مدد دی ہے۔ نیشنل کلیئرنگ کمپنی کی رپورٹ کے مطابق غیرملکی نے جمعہ کے روز 849.7 ملین روپے مالیت کے شیئرز فروخت کیے، جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر چہ ملکی سرمایہ کار پر جوش ہیں، غیر ملکی سرمایہ کار محتاط رویہ اختیار کیے ہوئے ہیں۔ انڈیکس میں مثبت حصہ ڈالنے والے بڑے شیئرز میں ایف ایف سی 2.57 فیصد یو بی ایل 3.02 فیصد اینگرو ہولڈنگز 3.69 فیصد ایچ بی ایل، ایم اے آر آئی شامل تھے، جنہوں نے مجموعی طور پر 1,424 پوائنٹس کا اضافہ کیا دوسری جانب PAPOWER نے برگ کلین انرجی کے ساتھ 7.5 میگاواٹ ونڈ پاور پراجیکٹ کیلیے معاہدہ کرلیا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ مارکیٹ کا رجحان آئندہ ہفتے بھی مثبت رہنے کا امکان ہے، موجودہ حمایت کی سطح 159,500 پوائنٹس جبکہ ممکنہ ہدف 165,000 پوائنٹس کے قریب رکھا جا رہا ہے۔ علاوہ ازیں، دریں اثنا مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی جمعے کو دوسرے دن بھی سونے اور چاندی کی قیمتوں میں کمی کا رجحان برقرار رہا جس سے 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 1000 روپے کی کمی سے 3 لاکھ 95 ہزار 800 روپے کی سطح پر آگئی اور فی دس گرام سونے کی قیمت بھی 858 روپے کی کمی سے 3 لاکھ 39 ہزار 334 روپے کی سطح پر آگئی۔ علاوہ ازیں زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں جمعہ کو 34 ویں دن بھی ڈالر کی نسبت روپیہ جھگڑا رہا۔ کاروبار کے اختتام پر انٹربینک میں ڈالر کی قدر 03 پیسے کی کمی سے 281 روپے 37 پیسے کی سطح پر بند ہوئی جبکہ اوپن کرنسی مارکیٹ میں بھی ڈالر کی قدر 05 پیسے کی کمی سے 282 روپے 40 پیسے کی سطح پر بند ہوئی۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

اور مینجر پر کروڑوں نوجوانوں کو ٹین اکاؤنٹس میں شامل کیا ہے، انسٹاگرام پر یہ سہولت پہلے ہی دنیا بھر میں دستیاب ہے اور اب فیس بک اور میسنجر پر بھی پاکستان سمیت عالمی سطح پر نوجوانوں کے لیے اس سہولت کو بڑھایا جا رہا ہے، ٹین اکاؤنٹس میں دی گئی حفاظتی سہولتیں والدین کے سب سے بڑے خدشات کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کی گئی ہیں۔ ان میں خودکار نظام کے ذریعے یہ یقینی بنایا جاتا ہے کہ نو جوان کس سے بات کر رہے ہیں، کون سا مواد دیکھ رہے ہیں، اور کیا ان کا وقت بہتر انداز میں صرف ہو رہا ہے۔ اگر چہ ہواس حوالے سے مزید کام کرنے کی ضرورت موجود ہے، تاہم میٹا کیلئے یہ حوصلہ افزا ہے کہ ٹین اکاؤنٹس والدین کو نوجوانوں کے آن لائن تجربات کے بارے میں زیادہ اعتماد اور اطمینان فراہم کر رہے ہیں۔ میٹا اس ہفتے سے ہی پاکستان میں نئے صارفین کے ساتھ ساتھ ان کم عمر نوجوانوں کو بھی، جو پہلے سے فیس بک اور میسنجر استعمال کر رہے ہیں، ٹین اکاؤنٹس میں منتقل کرنا شروع کر دے گا۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

ہاؤس کے نئے کرپٹو ایڈوائزر پیٹرکوٹ سے ہونیوالی سائیڈ لائن میٹنگ میں ہونیوالی ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وزارت خزانہ کے مطابق وائٹ ہاؤس میں ہونیوالی اس اہم ملاقات میں پاکستان اور امریکا کے درمیان ڈیجیٹل اثاثوں پر تعاون پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ پاکستان اور امریکا کے درمیان بلاک چین اور کرپٹو میں نئے مواقع پر تفصیلی گفتگو ہوئی ہے۔ وائٹ ہاؤس کے نئے کرپٹو ایڈوائزر پیٹرکوٹ سے گفتگو کرتے ہوئے بلال بن ثاقب نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل اثاثوں پر تعاون پاکستان اور امریکا کے تعلقات میں نئے باب کا آغاز ہے۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

کی مفصل رپورٹ طلب کر لی، ڈیٹا بیچنے والی ویب سائٹس تا حال ڈیٹا بیچنے میں مصروف، پی ٹی اے سمیت دیگر ادارے مذکورہ ویب سائٹس کو بند کرانے میں ناکام ہیں۔ شہریوں کا ڈیٹا انٹرنیٹ پر سرعام بیچے جانے کی خبر ایکسپریس نیوز پر نشر ہونے کے بعد وزیر داخلہ محسن نقوی نے نوٹس لیا تھا اور معاملے کی تحقیقات کا حکم دیا تھا، ڈی جی نیشنل سائبر کرائم انوسٹی گیشن ایجنسی وقار الدین سید نے انکوائری کیلئے 7 رکنی ٹیم تشکیل دیگر 14 روز کے اندر رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیا تھا، چودہ روز گزرنے سے پہلے ہی اس ٹیم نے ڈی جی این سی سی آئی اے کو لکھا کہ معاملے کی مکمل چھان بین کیلئے مزید 3 ہفتے کا وقت درکار ہے۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان دوسرے اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری ہیں مذاکرات میں آئی ایم ایف نے گزشتہ مالی سال 12 ہزار 970 ارب روپے کا ٹیکس ہدف پورا نہ ہونے پر تحفظات کا اظہار کیا ہے جبکہ پاکستان نے مہنگائی میں نمایاں کمی، سست معاشی سرگرمیاں اور عدالتی مقدمات ہدف پورا نہ ہونے کی وجہ قرار دیا گی۔ ایف بی آر حکام نے آئی ایم ایف حکام کو بریفنگ بریفنگ د۔ دیتے دیتے ہوئے بتایا کہ 250 ارب سے سے زائد زائد کے کے ٹیکس کیسز زیرالتوا کا شکار رہے، ایف بی آر نے 12.9 کھرب ہدف کے مقابلے میں 11.74 کھرب روپے اکٹھے کیے ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح 10.5 فیصد کا ہدف نہ مل سکا، صرف 1.4 فیصد اضافہ ہوا، گزشتہ سال سٹیٹ بینک کے منافع اور پیٹرولیم لیوی کے باعث نان ٹیکس ریونیو میں نمایاں اضافہ رہا، ریٹیل سٹیٹ سیکٹر کی سست روی سے نئے ٹیکس اقدامات سے کم ریونیو جمع ہوا۔ ٹیکس مقدمات کے فیصلوں میں تاخیر سے 3.1 ٹریلین کا سہ ماہی ہدف بھی خطرے میں ہے۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

سندھ حکومت نے مشکل حالات کے باوجود کسانوں کی معاونت کا فیصلہ کیا ہے، کسانوں کی رجسٹریشن کیلیے صوبائی، ضلعی اور تپہ دیہہ سطح پر مانیٹرنگ اور سپروائزری کمیٹیاں قائم کردی گئی ہیں، جبکہ رجسٹریشن کا عمل بینظیر ہاری کارڈ ڈیٹا ہیں، قومی شناختی کارڈ اور لینڈ ریونیو ریکارڈ کی مدد سے شروع کیا جائے گا، تمام زرعی فیلڈ اسسٹنٹ افسران کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ ایک ماہ کے اندر کسانوں کی رجسٹریشن مکمل کریں۔ محمد بخش مہر نے کہا کہ صوبائی سطح پر محکمہ زراعت کے ڈائریکٹر جنرلز کی سربراہی میں مانیٹرنگ کمیٹی قائم کی گئی ہے۔ ویٹ گروورز پیکیج کے تحت 1 سے 25 ایکڑ تک زمین رکھنے والے 4 لاکھ 11 ہزار کسانوں کو کھاد اور یوریا فراہم کیا جائے گا، ان کے مطابق سندھ میں 22 لاکھ 62 ہزار ایکڑز مین پر گندم کاشت ہوگی اور گندم اگاؤ پروگرام کے تحت فی ایکڑ ہاری کو 24 ہزار 700 روپے دیے جائیں گے، سندھ حکومت اس مقصد کیلیے مجموعی طور پر 58 ارب روپے فراہم کرے گی۔ وزیر زراعت نے مزید کہا کہ تصدیق کے بعد ڈی اے پی کھاد کی تقسیم نومبر 2025 تک مکمل کی جائے گی۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

ذریعے حل نکالا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 2018ء میں جب پاکستان مسلم لیگ (ن) کی حکومت ختم ہوئی تو گردشی قرضہ تقریباً" 1100 ارب روپے تھا۔ جب نئے پاکستان کی حکومت کا دور تھا تو 2022ء میں گردشی قرض کا حجم 1100 ارب روپے سے بڑھ کر 2250 ارب روپے تک پہنچ چکا تھا۔ جب پاکستان مسلم لیگ (ن) نے دوبارہ حکومت سنبھالی تو یہ تقریبا 2400 ارب روپے کے ارد گرد منڈلا رہا تھا۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کے دباؤ پر کسانوں کو گندم کی سرکاری قیمت نہیں دی گئی جبکہ بین الصوبائی نقل وحمل پر پابندی لگا کر گندم کی سپلائی کو بھی روکا جا رہا ہے، حکومت فوری طور پر گندم کی قیمت کا اعلان کرے، بصورت دیگر گندم درآمد کرنے کی نوبت آجائے گی، خالد حسین باٹھ نے کہا کہ ہمارے خلاف اقدامات بڑھتے جارہے ہیں، کسانوں کے گھروں پر چھاپے مارے جارہے ہیں مگر آج تک کسی شوگرمل مالک کے گھر چھاپہ نہیں مارا گیا۔ ہمارے مخالفت کے باوجود چینی برآمد کی گئی اور اسی وجہ سے آج چینی کی قیمت بلندترین سطح پر ہے، آئندہ دو ماہ میں چینی کی قیمت کم ہو جائے گی لیکن اگر حکومت نے کسانوں کو سہولیات نہ دیں تو آنے والے سیزن میں گندم کی کاشت ممکن نہیں ہوگی۔ کسان اتحاد کے رہنما نے مطالبہ کیا کہ گندم اور چینی کی قیمتیں کاشت سے پہلے مقرر کی جائیں تاکہ کسان اپنے اخراجات اور پیداوار کا درست حساب لگا سکیں، وزیراعظم سے اپیل ہے کہ آئندہ دو ہفتے کے اندر گندم کی سرکاری قیمت کا اعلان کریں، بصورت دیگر احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کر دیا جائے گا۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

تیار ہے، ٹیکنالوجی میں عالمی جنوب کو برابر کا موقع ملنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان 25 کروڑ آبادی کیساتھ دنیا کی چوتھی بڑی فری لانس مارکیٹ ہے، ہمارے نوجوانوں کو ٹیکنالوجیز اپنانے اور پاکستان کو ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ جدید انفراسٹرکچر کی ضرورت ہے۔ انھوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی ترقی پذیر ممالک کیلئے عیاشی نہیں، بقاء کی شرط ہے، مصنوعی ذہانت سے ہم آہنگ ملک ہی معاشی طور پر مضبوط ہوں گے۔ انہوں نے بنگلہ دیش کے چیف ایگزیکٹیو محمد یونس، صدر مائیکروسافٹ بریڈ اسمتھ اور قازق وزیر ڈیجیٹل ڈویلپمنٹ سے ملاقاتیں کیں، اس موقع پر کہا کہ سوشل بزنس اور ٹیکنالوجی کے ملاپ سے غربت اور ناہمواری ختم کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 18 تجارت نیوز

تاریخی کامیابی ثابت ہوئے۔ ایکسپو میں جدید ٹیکنالوجیز کی نمائش، معاشی نتائج اور سرمایہ کاروں کے لیے جامع پلیٹ فارم فراہم کیا گیا۔ ایس آئی ایف سی کے زیر اہتمام آئی ٹی سی این ایشیا 2025 میں ریکارڈ 62 ہزار سے زائد شرکاء شامل ہوئے۔ ایس آئی ایف سی کی کاوشوں سے 650 ملین ڈالر کی مفاہمتی یادداشتوں اور سرمایہ کاری کے مشترکہ منصوبے طے پائے اور گزشتہ سال کی کامیابیوں کی بنیاد پر حالیہ معاہدوں کا آئی ٹی برآمدات کو 5 ارب ڈالر سالانہ تک بڑھانے کا ہدف دیا گیا۔ آئی ٹی سی این ایشیا 2025 میں 700 سے زائد کمپنیوں اور اسٹارٹ اپس نے پاکستانی مصنوعات کی شاندار نمائش کی۔ 25 ممالک کے وفود کی شمولیت سے اعلیٰ سطحی B2B میچ میکنگ اور اسٹریٹجک مکالمے ہوئے۔ دفاعی شعبے کی اہمیت کے پیش نظر ایکسپو میں سرمایہ کاروں کی توجہ جدید آئی ٹی ٹیکنالوجی پر مرکوز رہی۔ ایس آئی ایف سی کی بھرپور معاونت سے پاکستان، ٹیکنالوجی کی دنیا میں ایک نیا باب رقم کر رہا ہے۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

ذرائع کے مطابق صوبائی وزیر سعید غنی سے محکمہ بلدیات کا قلمدان واپس لیا جائے گا جبکہ صوبائی وزیر محنت شاہد تھہیم سے بھی قلمدان واپس لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ رکن سندھ اسمبلی اسمٰعیل راہو کو صوبائی وزیر بنانے کی تیاری ہے جبکہ جام خان شورو کو محکمہ منصوبہ بندی وترقیات کا اضافی قلمدان ملے گا۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

کے وزیراعلیٰ مراد علی شاہ اور گورنر کامران ٹیسوری سے الگ الگ ملاقاتیں کیں، جن میں امریکا اور پاکستان کے درمیان تجارت، دوطرفہ سرمایہ کاری کے امکانات اور سیلاب سے متاثرہ افراد کی بحالی کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر امریکا کی حالیہ امداد کے مثبت نتائج بھی زیر بحث آئے۔ ناظم الامور نے کراچی کے کاروباری رہنماؤں بشمول کے ایف سی، لبرٹی گروپ، جیریز گروپ اور ریکوڈک مائننگ پراجیکٹ نمائندوں سے بھی ملاقاتیں کیں تاکہ ٹیکنالوجی، توانائی، معدنیات، صنعت، ٹیکسٹائل، پیکیجنگ اور بندرگاہ کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دی جا سکے۔ خلیلی بیکر نے امریکی ٹیکسٹائل کمپنیوں کے نمائندوں سے پاکستان کی برآمدی صنعتوں میں امریکی اختراعات مثلاً آر ایف آئی ڈی اور اسمارٹ لیبلز کے مثبت اثرات پر گفتگو کی۔ انہوں نے لبرٹی گروپ اور ریکوڈک کے نئے کنٹری منیجر سے بھی ملاقات کی، جس میں پاکستان کے معدنیاتی شعبے میں دوطرفہ تعاون پر بات ہوئی۔ بعدازاں جیریز گروپ میں امریکی فرنچائزز کے کردار کو اجاگر کرتے ہوئے مقامی سرمایہ کاروں کیلیے دستیاب مواقع پر گفتگو کی۔ ناظم الامور بیکر نے کراچی میں کینٹکی فرائیڈ چکن (کے ایف سی) کے تعاون سے قائم ڈیف ریچ اسکول کا بھی دورہ کیا تاکہ کے ایف سی کے سماجی خدمت کے عزم کو اجاگر کیا جاسکے۔ کے ایف سی پاکستان نے سماعت سے محروم افراد کیلیے تعلیم، ہنر اور روزگار کی فراہمی میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، فی الوقت نو خصوصی مراکز فعال ہیں اور 250 سے زائد سماعت سے محروم افراد مختلف کے ایف سی آؤٹ لیٹس پر خدمات سرانجام دے رہے ہیں۔ بیکر نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اور امریکا کے درمیان تجارتی تعاون کو مزید فروغ دینا دونوں ممالک کے مفاد میں ہے جو کہ مشترکہ خوشحالی کا باعث بنے گا، امریکا، تجارت، سرمایہ کاری اور اختراع کے ذریعے پاکستان کی ترقی میں کردار ادا کرنے کیلیے پرعزم ہے، امریکا اور پاکستان کا مضبوط اقتصادی تعاون عام پاکستانیوں کیلیے فائدے مند ثابت ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک 80 امریکی کمپنیاں پاکستان میں سرمایہ کاری کرچکی ہیں، جو ایک لاکھ 20 ہزار لوگوں کو نوکریاں دے رہی ہیں اور 10 لاکھ سے زائد افراد کو بالواسطہ فوائد پہنچا رہی ہیں۔ نتالی بیکر کی کراچی میں مصروفیات اس حقیقت کی غماز ہیں کہ امریکا تجارت، دوطرفہ سرمایہ کاری اور سلامتی کے شعبوں میں عملی تعاون کے ذریعے امریکا پاکستان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کیلیے پر عزم ہے جو کہ دونوں ممالک کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

ہوگی۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ ٹرمپ کے فارماسیوٹیکل پر 100 فیصد ٹیرف سے بھارت کو دھچکا لگا ہے، بھارت ہر سال تقریباً 10 ارب ڈالر کی فارماسیوٹیکل مصنوعات امریکا کو برآمد کرتا ہے۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

ماہرین نے خبردار کیا ہے کہ 26-2025 کا موسم سرما حالیہ دہائیوں میں سے سردترین ہوسکتا ہے، ماہرین کے مطابق موسمیاتی رجحان لانینا جو استوائی بحرالکاہل میں سمندر کی سطح کے درجہ حرارت کو ٹھنڈا کرنے کے لیے جانا جاتا ہے، اس سال واپس آسکتا ہے، کئی موسمیاتی ایجنسیوں نے لانینا الرٹس جاری کیے ہیں، اکتوبر تا دسمبر بحرالکاہل میں لانینا بننے کے 71 فیصد امکانات ہیں۔ ادھر ملک میں سولر پینلز کے استعمال کے بڑھتے ہوئے رجحان اور فصلہ تلفی کیلئے نظام نہ ہونے پر ماحولیاتی ماہرین نے وارننگ جاری کر دی، اسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر سلمان طارق کے مطابق سولر پینلز اگر پانی میں ڈوب جائیں تو ان کے سلیکون خلیے اور فریم ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو جاتے ہیں۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

مطابق متاثرہ جہاز ایرانی بندرگاہ بندرعباس سے یمن کے لیے ایل این جی لے کر روانہ ہوا تھا اور یہ یمنی حکومت کے زیرانتظام علاقے میں موجود نہیں ہے۔ پاکستانی حکومت کی جانب سے شہریوں کی بحفاظت واپسی کے لیے کوششیں جاری ہیں۔ یہ بھی یادر ہے کہ پاکستانی عملے نے 10 روز قبل ایک ویڈیو پیغام جاری کیا تھا جس میں بتایا گیا کہ یمنی پورٹ پر جہاز پر ڈرون حملہ کیا گیا۔ عملے نے وزارت میری ٹائم اور ڈی جی پورٹس سے فوری مدد کی اپیل کرتے ہوئے کہا تھا کہ جہاز پر حوثی باغی موجود ہیں جوانہیں جہاز چھوڑنے کی اجازت نہیں دے رہے۔ ویڈیو میں عملے کا کہنا تھا کہ اگر جہاز کو جبوتی لے جانے کی اجازت دی جائے تو وہ محفوظ مقام تک پہنچ سکتے ہیں۔ عملے کی یہ اپیل اب بھی برقرار ہے اور وہ پاکستانی حکومت سے فوری عملی اقدامات کی امید کر رہے ہیں۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

تیاری شروع کر دی ہے۔ یہ طیارہ NGAD (Air Generation Next Dominance) پروگرام کے تحت تیار کیا جارہا ہے اور مستقبل میں F-22 کی جگہ لینے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ رپورٹ کے مطابق F-47 میں سپر سانک رفتار، جدید اسٹیلتھ ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت پر مبنی نظام اور ڈرونز کے ساتھ مربوط آپریشن کی صلاحیت شامل ہوگی۔ امریکی حکام نے کہا ہے کہ یہ قدم چین کی حالیہ عسکری نمائش کے بعد فضائی برتری برقرار رکھنے کے تناظر میں اہم ہے۔ امریکی فضائیہ کا کہنا ہے کہ F-47 کی تیاری کے لیے فنڈز منظور ہیں اور آئندہ مالی سال میں اس منصوبے میں مزید سرمایہ کاری متوقع ہے۔ حکام کا یہ بھی کہنا ہے کہ طیارے کی پہلی کارروائی پرواز صدر کے موجودہ دور صدارت کے اختتام سے قبل متوقع ہے۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

دفعات میں ترمیم کرنے کا فیصلہ کیا، اعلامیہ کے مطابق پانچ سال سے کم پرانی گاڑیاں 30 جون 2026 تک درآمد کی جاسکیں گی، تاہم بعد ازاں گاڑیوں کی عمر کی حد ختم کر دی جائے گی۔ یہ بھی لازمی قرار دیا گیا کہ گاڑیوں کی درآمد ماحولیاتی اور حفاظتی معیارات کی مکمل پابندی کے تحت ہوگی، گاڑیوں پر موجودہ کسٹم ڈیوٹی کے علاوہ 40 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد ہوگی جو 30 جون 2026 تک لاگو ہے گی، اس کے بعد ہر سال 10 فیصد کم کی جائے گی، مالی سال 30-2029 تک درآمدی ڈیوٹی بتدریج ختم کر دی جائے گی، یہ اقدامات ٹیرف پالیسی بورڈ کی سفارشات کے مطابق ہوں گے، اجلاس میں پی وی اے آر اے کیلئے 80 کروڑ روپے کی ٹیکنیکل سپلیمنٹری گرانٹ بھی منظور کی گئی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف ایف بی آر کی کارکردگی کا باریک بینی سے جائزہ لے گا، کیونکہ وہ متعدد طے شدہ اہداف کو پورا نہیں کر سکا۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

کے لیے بھی ایک ماہ کی توسیع دی جائے کیونکہ موجودہ حالات میں تاجر برادری کو فوری ریلیف فراہم کرنا ناگزیر ہوگیا ہے۔ وجوہات بیان کرتے ہوئے صدر کے سی سی آئی نے کہا کہ آئی آر آئی ایس پورٹل شدید تکنیکی مسائل اور سست رفتاری کا شکار ہے، خاص طور پر مصروف اوقات میں، جس کے باعث ٹیکس دہندگان کے لیے ریٹرنز مؤثر طریقے سے جمع کرانا تقریباً ناممکن ہوگیا ہے۔ بارہا یقین دہانیوں کے باوجود یہ مسائل گزشتہ سال سے حل نہیں ہو سکے جبکہ ٹیکس فائلرز کی تعداد میں اضافے نے ایف بی آر کے نظام پر مزید دباؤ ڈال دیا ہے جسے فوری اپ گریڈ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حالیہ طوفانی بارشوں اور شہری سیلاب نے ملک بھر میں انٹرنیٹ اور ٹیلی کام سروسز کو بری طرح متاثر کیا ہے جبکہ کئی علاقوں میں فور جی اور فائیو جی کنیکٹیوٹی خراب رہی ہے۔ یہ رکاوٹیں ان فائلرز کے لیے مزید مشکلات کا باعث بنی ہیں جو آن لائن پلیٹ فارمز پر ہی انحصار کرتے ہیں۔ صدر کے سی سی آئی نے یاد دلایا کہ ماضی میں بھی ایف بی آر نے ایسے ہی حالات میں ریٹرنز جمع کرانے کی تاریخوں میں توسیع دی تھی۔ ایسی سہولتیں نہ صرف ٹیکس دہندگان کو حوصلہ افزائی فراہم کرتی ہیں بلکہ معیشت کی ڈاکیومنٹیشن کو بھی فروغ دیتی ہیں اور زیادہ ریونیو کلیکشن کا سبب بنتی ہیں، جو ایف بی آر اور بزنس کمیونٹی دونوں کے مشترکہ مفاد میں ہے۔ جاوید بلوانی نے زور دیا کہ انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ریٹرنز کی تاریخ میں توسیع دینے سے ایڈووکیٹس، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، کنسلٹنٹس اور ٹیکس پریکٹیشنرز کو اپنے فرائض بہتر انداز میں انجام دینے میں سہولت ملے گی، جس سے درستگی اور بہتر تعمیل یقینی بنائی جا سکے گی۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ چیئرمین ایف بی آر مثبت ردعمل دیں گے اور ٹیکس دہندگان اور قومی خزانے کے بہترین مفاد میں فیصلہ کریں گے۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

انعقاد کیا۔ کمپنی کا یہ اقدام مقامی نوجوانوں کو جدید آئی ٹی اسکلز سے آراستہ کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ماجانب ایک اہم قدم ہے۔ ٹیسٹ میں علاقے کے ایک ہزار سے زائد طلبہ نے حصہ لیا، سخت جانچ کے بعد اس پروگرام کیلیے 74 طلبہ کا انتخاب کیا گیا، جن میں 22 طلبہ کو گرافک ڈیزائن اور 52 طلبہ کو ویب ڈیولپمنٹ کے لیے منتخب کیا گیا۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

بچیوں کو ویکسین لگائی گئی۔ پنجاب میں ویکسی نیشن کوریج 63 فیصد، سندھ میں 65 فیصد رہی، آزاد کشمیر میں 35 فیصد، اسلام آباد میں 34 فیصد بچیوں کو ویکسین لگ سکی۔ 11 روز میں 40 لاکھ بچیوں کو ویکسین نہ لگ سکی، بچیوں کو ویکسین نہ لگنے کی وجوہات میں والدین کا انکار، بیماری یا عدم دستیابی شامل ہیں۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

نے امریکی کمپنی بوئنگ سے 225 طیاروں کی خریداری کا فیصلہ کیا ہے۔ ٹی آر ٹی کی رپورٹ کے مطابق ترکش ایئر لائنز نے جمعہ کو اعلان کیا کہ وہ 75 بوئنگ B787 طیارے خریدے گی اور ڈیڑھ سو 10MAX/8-737 طیاروں کی خریداری کیلئے مذاکرات مکمل کر چکی، جو انجن ساز کمپنی سی ایف ایم انٹرنیشنل کے ساتھ بات چیت سے مشروط ہے۔ استنبول سٹاک مارکیٹ کو فراہم کردہ بیان میں ترکش ایئرلائنز نے کہا کہ اس نے بوئنگ سے 8787-9 اور 10-B787 ماڈل کے 75 طیارے خریدنے کا فیصلہ کیا ہے، 50 حتمی، 25 اختیاری آرڈرز شامل ہیں۔ ان طیاروں کی ترسیل 2029 سے 2034 کے درمیان متوقع ہے۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

جاری ہے اور حالیہ ہفتے مہنگائی کی شرح میں کمی کی رفتار میں 0.16 فیصد کمی واقع ہوئی جبکہ اس سے پچھلے ہفتے بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح میں 1.34 فیصد کمی واقع ہوئی تھی اور حالیہ ہفتے سالانہ بنیاد پر بھی مہنگائی کی شرح 4.17 فیصد سے کم ہو کر 3.95 فیصد ہوگئی ہے۔ اعداد وشمار میں بتایا گیا کہ گزشتہ ہفتے ٹماٹر، انڈے، مٹن، دودھ، دہی، گھی اور آٹے سمیت 17 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا جبکہ آلو، پیاز، لہسن، دال مونگ اور دال چنا سمیت 11 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی اور 23 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں مستحکم رہی ہیں۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

بلکہ دیگر اقدامات بھی کرتے۔ آڈیٹر جنرل کے حکام نے کہا کہ یہ معاملہ اب متعلقہ اداروں کے دائرہ اختیار میں ہے ہم نے اپنا کام مکمل کرلیا اور ہمیں وضاحتیں دینے کی کوئی ضرورت نہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جب ایک ریگولیٹری ادارہ اپنی ہی آڈٹ رپورٹ کو مسترد کرتا ہے تو اس سے نہ صرف احتساب کا نظام کمزور ہوتا ہے بلکہ ادارہ جاتی ساکھ پر بھی سوال اٹھتا ہے۔ اس سکینڈل کے بعد ایس ای سی پی کے اختیارات محدود کرنے اور تنخواہوں و مراعات کا فیصلہ حکومت کی براہ راست منظوری سے مشروط کیا جارہا ہے۔ معاشی ماہرین کے مطابق یہ معلوم کیا جائے کہ ایس ای سی پی چیئرمین کا روعمل ادارہ جاتی مفاد میں ہے یا ذاتی تحفظ کے لیے۔ انھوں نے خبردار کیا ہے کہ ایسے تنازعات سرمایہ کاروں کے اعتماد کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ پاکستان پہلے ہی بین الاقوامی مالیاتی اداروں کے دباؤ میں ہے اور شفافیت پر سوال اٹھنے سے آئی ایم ایف اور دیگر قرض دہندگان کے ساتھ مذاکرات مزید پیچیدہ ہو سکتے ہیں۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

بھی 1629 روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 40 ہزار 963 روپے کی سطح پر آگئی۔ اسی طرح ملک میں فی تولہ چاندی کی قیمت 105 روپے کے اضافے سے 4 ہزار 704 روپے اور فی 10 گرام چاندی کی قیمت بھی 90 روپے کے اضافے سے 4 ہزار 032 روپے کی سطح پر آگئی۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

ذریعے اپنے پیشہ ورانہ روابط کو مضبوط بنایا۔ یہ ٹورنامنٹس ٹیک ٹیکسٹائل، ٹیکس پروسیس اور ہائم ٹیکسٹائل کے تھیمز کے تحت منعقد کیے گئے، جو صنعت کے اندر تعاون، جدت اور عالمی تجارت کے بڑھتے ہوئے تعلق کو اجاگر کرتے ہیں۔ ہائم ٹیکسٹائل، جو دنیا کی سب سے بڑی ہوم اور کنٹریکٹ ٹیکسٹائل کی نمائش ہے، بشمول بیڈ شیٹس، کچن لینن، کارپیٹس اور تولیے وغیرہ۔ پاکستان کی ہوم ٹیکسٹائل انڈسٹری کے لیے خاص اہمیت رکھتی ہے، کیونکہ یہ عالمی خریداروں تک بے مثال رسائی فراہم کرتی ہے۔ اس کا اگلا ایڈیشن 13 سے 16 جنوری 2026، تک فرینکفرٹ، جرمنی میں منعقد ہوگا جبکہ ٹیک ٹیکسٹائل 21 سے 24 اپریل 2026 تک منعقد کی جائے گی اور اس میں مختلف صنعتوں جیسے ہیلتھ کیئر، اسپورٹس، پروٹیکشن اور پیکجنگ کے لیے ٹیکنیکل ٹیکسٹائل پر توجہ دیتی ہے۔ یسے فرینکفرٹ ایس پی پاکستان کے سی ای او عمر صلاح الدین نے اس اقدام کی کامیابی پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ''اس طرح کے ایونٹس ہمیں اپنی کمیونٹی کو مضبوط بنانے اور دیرپا تعلقات قائم کرنے میں مدد دیتے ہیں، جو صرف کاروبار تک محدود نہیں رہتے۔ ہم باسط شجاعی کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے اس شاندار ٹورنامنٹ کا اہتمام کیا اور ایک ایسا ماحول فراہم کیا جہاں صنعت کے ماہرین زیادہ ذاتی اور دوستانہ انداز میں ہو سکے۔ جیسے جیسے میسے فرینکفرٹ پاکستان میں اپنی سرگرمیاں بڑھا رہا ہے، ایسے اقدامات ہماری اس وابستگی کو اجاگر کرتے ہیں کہ ہم نہ صرف تجارتی فروغ بلکہ کاروباری برادری کے ساتھ بامعنی تعلقات استوار کرنے کے بھی خواہاں ہیں۔ عمر صلاح الدین نے کہا کہ اس اقدام کے ذریعے میسے فرینکفرٹ پاکستان نے اپنے کردار کو صرف ایک نمائش منتظم سے بڑھا کر لوگوں، خیالات اور صنعتوں کو جوڑنے والے ادارے کے طور پر اجاگر کیا ہے۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

پر پی آئی اے کو آگاہ کر دیا گیا ہے، پی آئی اے مسافروں کے ساتھ ساتھ کارگو بھی لے کر جائے گی، گزشتہ روز ہی برطانوی محکمہ ٹرانسپورٹ نے پی آئی اے سیکورٹی اور کارگو کو پانچ سال کے لیے ACC3 سرٹیفکیٹ بھی جاری کیا ہے، پہلی پرواز اسلام آباد سے مانچسٹر کے لیے 21 اکتوبر کو روانہ ہوگی۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

ایکسچینج کو بھیجے گئے نوٹس میں بتایا گیا کہ بیسٹ وے سیمنٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے اپنے اجلاس (19 ستمبر 2025) میں آٹو سیکٹر میں سرمایہ کاری کا فیصلہ کیا۔ کمپنی کے مطابق منصوبے کے تحت 4 ارب روپے تک کی ایکویٹی انویسٹمنٹ اور 6 ارب روپے تک کا شیئر ہولڈر قرض فراہم کیا جائے گا، جس کی حتمی منظوری شیئر ہولڈرز سے لی جائے گی۔ واضح رہے کہ بیسٹ وے سیمنٹ لمیٹڈ 1993 میں پاکستان میں پبلک لمیٹڈ کمپنی کے طور پر رجسٹر ہوئی تھی اور سیمنٹ کی تیاری و فروخت میں مصروف ہے۔ دوسری جانب آٹو انڈسٹری میں بھی تیزی دیکھنے میں آرہی ہے۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

صنعتی یونٹس اور کاروباری اداروں کو معائنہ کررہے ہیں اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مقرر کردہ کم از کم اجرت مزدوروں اور صنعتی و دیگر کاروباری مقامات پر کام کرنے والوں کا بنیادی حق ہے جس کی تلفی نہیں ہونے دی جائے گی۔ مکمل اجرت کی فراہمی سے عوام کا معیار زندگی بلند اور پیداوار میں بھی بہتری ا؟ئے گی۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب کے احکامات پر عملدرا؟مد کے لئے محکمہ لیبر رحیم یار خان نے چیمبرا؟ف کامرس، انجمن تاجران، ضلع میں موجود صنعتی یونٹس و دیگر کاروباری اداروں کو مراسلہ جاری کر دیا ہے کہ وہ حکومتی احکامات پر عملدرا؟مد کریں بصورت دیگر قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر فرحان قریشی نے کہا: ''پاکستان کا ڈیجیٹل منظرنامہ تیزی سے ترقی کر رہا ہے، اور ہمیں پاکستانیوں کی تخلیقی صلاحیتوں نے متاثر کیا ہے جو انہوں نے اے آئی ٹولز کو اپنانے میں دکھائی ہیں۔ گوگل اے آئی پلس کی صورت میں ہم ان ٹولز کو ملک بھر میں زیادہ سے زیادہ بلوگوں کے لیے قابل رسائی بنا رہے ہیں۔ یہ پاکستان کی ڈیجیٹل تبدیلی کو فروغ دینے کے ہمارے عزم کا بنیادی حصہ ہے تاکہ ہر شخص اپنی پیداواری صلاحیت، تخلیقی صلاحیت اور سیکھنے کے عمل کو اے آئی کے ذریعے بہتر بنا سکے۔'' اس کے علاوہ، صارفین، اپنے خاندان کے پانچ دیگر افراد کے ساتھ بھی، ورک اسپیس میں جیمنائی سے لے کر 200 جی بی اسٹوریج تک، تمام فوائد شیئر کر سکتے ہیں۔ اس طرح ہر فرد ایک ہی پلان کے تحت بہتر گوگل کا تجربہ حاصل کر سکتا ہے۔ گوگل اے آئی پلس آج سے پاکستان میں، 1,400 روپے ماہانہ پر دستیاب ہے۔ محدود مدت کے لیے، پہلیبر تبہ سبسکرائب کرانے والے صارفین کو ابتدائی چھ ماہ کے لیے 50 فیصد رعایت دی جائے گی۔ گوگل اے آئی پلس کے بارے میں مزید معلومات دستیاب ہے۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

کھولا۔ ٹینڈر کے تحت 534.75 سے 568.50 ڈالرز فی میٹرک ٹن بولیاں موصول ہوئیں، ٹینڈر کے تحت لوئس ڈریفوس کمپنی سوئٹزرلینڈ نیسب سے کم بولی دی۔ رپورٹ کے مطابق کسی بھی شکایت کیلیے سی پی نیکل شام 5 بجے تک کا وقت دیا ہے، ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان چینی کا ٹینڈر ایوارڈ کرنے سے متعلق فیصلہ بعد میں کرے گا۔ واضح رہے کہ 9 ستمبر کو ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان کو ایک لاکھ میٹرک ٹن چینی درآمد کے لیے کھولے گئے ٹینڈر میں گزشتہ ٹینڈر کے مقابلے میں کم ریٹ پر بولیاں موصول ہوئی تھیں، ٹی سی پی کو ٹینڈر کے تحت کم سے کم بولی 545 ڈالر فی میٹرک ٹن ملی تھی۔ ٹی سی پی کی رپورٹ میں آگاہ کیا گیا تھا کہ 8 ستمبر کو کھولے گئے ٹینڈر میں مجموعی طور پر 5 بولیاں موصول ہوئی تھیں، جن میں فی میٹرک ٹن نرخ 545 سے 578.50 ڈالر تک موصول ہوئے تھے۔ رپورٹ کے مطابق سب سے کم بولی سوسڈن مڈل ایسٹ (یو اے ای) کی جانب سے 545 ڈالر فی میٹرک ٹن دی گئی تھی۔ بعد ازاں، 13 ستمبر کو ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان نے ایک لاکھ میٹرک ٹن چینی کی درآمد کے لیے ایک اور ٹینڈر جاری کر دیا تھا۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان نے 23 ستمبر تک بولیاں طلب کر لی تھیں۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

آرگینک کھاد بنانے کا کارخانہ لگائے گا۔ اس کارخانے میں ماحول دوست کھاد تیار ہوگی جس سے کسانوں کو فائیدہ ہوگا اور زمین کی پیداواری صلاحیت بڑھے گی۔ اسی طرح تائیذ وحواجیان پلاسٹک سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کمپنی پنجاب میں ماحول دوست سی پی وی سی پائپ بنانے کا کارخانہ لگائے گی۔ کلورین کے استعمال سے پہلی بار یہاں ماحول دوست سی پی وی سی پائپ تیار ہوں گے۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے چینی کمپنیوں کے حکام سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ہمراہ میرے دورہ چین کے ثمرات سامنے ا؟نا شروع ہوگئے ہیں۔ چین کے سرمایہ کاروں نے سرمایہ کاری کے لئے پنجاب کو چن لیا ہے۔ چینی کمپنیوں کی پنجاب میں بڑھتی ہوئی سرمایہ کاری سے پاکستان اور چین کے تجارتی تعلقات مضبوط ہورہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے صنعتی مراکز میں تیز رفتاری سے نئے صنعتی یونٹس لگ رہے ہیں۔ نئے کارخانے لگنے سے مقامی لوگوں کو روزگار کے مواقع مل رہے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ پنجاب صنعتی ترقی کے نئے دور میں داخل ہوگیا ہے۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

انتہائی موزوں بناتی ہے، جبکہ محض چار گھنٹے میں مکمل چارج ہوجاتی ہے۔ پاکستان میں آمد ٹیرا موٹرز کے اس مشن کا ایک اہم سنگ میل ہے جس کے تحت وہ ایشیا اور افریقہ میں پائیدار، سستی اور اعلیٰ معیار کی سفری سہولتیں فراہم کرنا چاہتی ہے۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

ٹیرا بائٹ ہائی اسپیڈ ڈیٹا، ایک مفت تحفہ *، مرکنٹائیل کے ذریعے دو سالہ وارنٹی کوریج (ایک اسٹینڈرڈ اور ایک ایکسٹینڈڈ، جو غیر آفیشل ہینڈسیٹس میں دستیاب نہیں)، اور مرکنٹائل کیئر آفٹر سیلز نیٹ ورک کے ذریعے ایپل کی وقف سروس سپورٹ شامل ہے تاکہ صارفین کو قابل اعتماد معاونت مل سکے۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

بڑھانے کا اختیار دیا۔ اس عمل کے تحت کمپنی مارچ 2019 میں جاری کیے گئے پاکستان انرجی سکوک-I کے تحت واجب الادا 200 ارب روپے، اور مئی 2020 میں جاری کیے گئے پاکستان انرجی سکوک-II کے تحت واجب الادا 199.97 ارب روپے ادا کرے گی۔ کمپنی نے بتایا کہ یہ فیصلہ پاکستان انرجی سکوک رولز، 2019 کے عین مطابق ہے جس میں 26 جون 2025 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن نمبر S.R.O. 1124(I)/2025 کے ذریعے ترمیم کی گئی تھی۔ پی ایچ ایل نے بتایا کہ جب مطلوبہ منظوری مل جائے گی، تو سکوک کی ادائیگی کی تاریخ میزان بینک لمیٹڈ کے ساتھ مشاورت کے بعد حتمی کی جائے گی۔ میزان بینک لمیٹڈ دونوں سکوک کے لیے ٹرسٹی اور سرمایہ کاری ایجنٹ کے طور پر کام کر رہا ہے۔ طے شدہ تاریخ پر، اصل رقم اور اس پر حاصل ہونے والا منافع/کرایہ سرٹیفکیٹ ہولڈرز کو ادا کر دیا جائے گا۔ کمپنی نے اسٹاک ایکسچینج کو اپنی فائلنگ میں بتایا کہ قبل از وقت ادائیگی سرٹیفکیٹ ہولڈرز کی مطلوبہ اکثریت سے غیر معمولی قرارداد کے ذریعے منظوری حاصل کرنے اور تمام ضروری ریگولیٹری منظوریوں کو یقینی بنانے سے مشروط ہے۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

ممبران مینیجنگ کمیٹی REAP مبشر کمار تلریجا، شیراز احمد شیخ، فیصل انیس، اسماعیل اگرا اور دیگر بڑی تعداد میں REAP ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس سے استقبالیہ خطاب کرتے ہوئے کمیٹی کے کنوینر رفیق سلیمان نے تمام شرکاء کو خوش آمدید کہا اور چاول کی برآمدات کو درپیش مسائل زیر بحث لائے گئے۔ انہوں نے چاول کی ایکسپورٹ کے اعداد وشمار سے آگاہ کیا۔ مزید برآں انہوں نے رائس ایکسپورٹرز کو کینیا میں ڈیوٹی فری چاول کی درآمدات کے حوالے سے درپیش مسائل کے بارے میں بتایا اور کہا کہ اس حوالے سے کینیا میں تعینات پاکستانی ہائی کمشنر عزت مآب جناب ابرار حسین خان صاحب اور پاکستان کی کمرشل قونصلر محترمہ عدیلہ یونس ان مسائل کے حل کیلئے مصروف عمل ہیں۔ اس کے علاوہ انہوں نے بتایا کہ باسمتی چاول کے برآمد کنندگان کو FIA کے نوٹسز موصول ہورہے ہیں۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

میں تیزی لانے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر مہاتیر نے پاکستان اور ملائیشیا کی بزنس کمیونٹی کے ایک دوسرے کے قریب لانے پر صدر پی ایم ایف اے شاہد جاوید قریشی کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ 19 برس تک یکجا رہ کر ایک حقیقی فرینڈ شپ ایسوسی ایشن کہلانے کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایم ایف اے نے کاروباری حلقوں، ماہرین اور وژن رکھنے والوں کو اکٹھا کیا اور دونوں ممالک کی تجارت، سرمایہ کاری اور عوامی رابطوں میں نمایاں کردار ادا کیا۔ اپنے خطاب کے اختتام پر ڈاکٹر مہاتیر نے یقین دلایا کہ وہ پاکستان، ملائیشیا تعلقات کو اعتماد اور مشترکہ وژن کی بنیاد پر مزید فروغ دینے کے لیے کوشاں رہیں گے۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

ادارے کے دعوت نامے کی ضرورت بھی نہیں ہوگی۔ یہ اقدام عالمی سائنسی ٹیلنٹ کو اپنی جانب متوجہ کرنے اور بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے کے لیے اٹھایا گیا ہے۔ یاد رہے کہ حال ہی میں امریکی صدر نے ایچ ون بی ورک ویزا کی فیس میں بے تحاشا اضافہ کرتے ہوئے اسے سالانہ ایک لاکھ ڈالر مقرر کر دیا تھا، جس کے بعد نئی پالیسی نافذ ہوچکی ہے۔ ماہرین کے مطابق امریکا کے سخت فیصلے کے بعد چین کا ''K ویزا'' جنوبی ایشیا سمیت دنیا بھر کے نوجوان ٹیلنٹ کے لیے ایک پرکشش متبادل ثابت ہوسکتا ہے۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

والی رپورٹس مکمل طور پر بے بنیاد ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اسپانسرشپ آرٹیکل کی خلاف ورزی کرنے والے غیرملکیوں کے ویزا کی حیثیت تبدیل کر کے بھی ملک میں رہنے نہیں دیا جائے گا۔ بیان میں کہا گیا کہ رہائشی قوانین یا وزارت کے کسی بھی فیصلے کے حوالے سے باضابطہ اعلانات صرف وزارت کے سرکاری ذرائع ابلاغ اور پلیٹ فارمز کے ذریعے کیے جاتے ہیں۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

مارک کی جعل سازی سے پاکستان کی معیشت کو 2.2 ارب پاؤنڈ (تقریباً 800 ارب روپے) کا نقصان ہوا ہے۔ برطانیہ کے ڈپٹی ہائی کمشنر کراچی لانس ڈوم نے کہا کہ انٹیلیکچوئل پراپرٹی رائٹس کا موثر نفاذ کاروباری اعتماد اور معاشی ترقی کیلئے انتہائی اہم ہے۔ یہ رپورٹ پاکستان کے آئی پی سسٹم کو مضبوط بنانے کیلئے پالیسی ڈائیلاگ، تکنیکی معاونت اور آگاہی کے اقدامات کی راہ متعین کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ برطانیہ ایک محفوظ اور منصفانہ کاروباری ماحول کیلئے حکومت پاکستان اور کاروباری اداروں کے ساتھ کام کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

رضوان فرید نے بھی خطاب کیا جبکہ ایگزیکٹو کمیٹی کے ارکان سید سلمان علی، کرامت علی اعوان، محمد عمران سلیمی اور وقاص اسلم بھی موجود تھے۔ سفیر نے کہا کہ جولائی 2025 میں ہنوئی میں ہونے والے جائنٹ ٹریڈ کمیٹی کے اجلاس میں دونوں ممالک نے 2025 میں ترجیحی تجارتی معاہدے کے لیے مذاکرات شروع کرنے پر اتفاق کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ویتنام کے درمیان دوطرفہ تجارت میں اضافہ ایک خوش ا؟ئند ہے۔ سال 2024 میں دونوں ممالک کی دوطرفہ تجارت کا حجم 850 ملین ڈالر تک پہنچ گیا تھا جبکہ توقع ہے کہ 2025 میں یہ حجم 1 ارب ڈالر سے تجاوز کر جائے گا۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

قانون، سائنس اور میڈیا کے درمیان خلا کو دور کرنے میں ان کی منفرد کوششوں کے لئے یہ ایوارڈ دیا گیا۔ ایوارڈ وصول کرنے کے موقع پر ڈاکٹر عمیر ہارون نے خطاب کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا اور کہا کہ میڈیا ایک ایسی آواز ہے جس کے ذریعے سے آگاہی، تعلیم اور تبدیلی کی ترغیب دی جاسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا صرف تفریح نہیں بلکہ یہ معاشرتی اصولوں کو چیلنج کرنے، آگاہی بڑھانے اور ایک زیادہ باخبر شہری معاشرے کی تشکیل میں مدد دے سکتا ہے، یہ ایوارڈ کہانیاں سنانے کی طاقت کا اعتراف ہے اور میں اس میں اپنا حصہ ڈال کر فخر محسوس کرتا ہوں۔ اس موقع پر کراچی بار ایسوسی ایشن کے صدر عامر نواز وڑائچ نے ڈاکٹر عمیر ہارون کی طویل عرصے سے جاری کوششوں کو سراہا۔ ایوارڈ کی تقریب میں قانونی، میڈیا اور تعلیم کے شعبوں سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 50 تجارت نیوز

ہور ہے ہیں۔ سڑکوں کو نقصان کے باعث کاروباری برادری کے لیے مقررہ وقت میں ریٹرن جمع کرانا مشکل ہوگیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر تاریخ میں توسیع نہ کی گئی تو حکومت ریونیو ہدف حاصل نہیں کر سکے گی اور تاجروں وصنعتکاروں کو بھی غیر ضروری مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

کراچی کسٹمز ایجنٹس ایسوسی ایشن کے انتخابات کے حوالے سے بزنس مین پینل کی جانب سے منعقدہ تقریب کے موقع پر امیدواروں کا گروپ فوٹو

یمن میں بحری جہاز پر حملہ، کپتان سمیت 24 پاکستانی محصور

متاثرہ جہاز ایرانی بندرگاہ بندر عباس سے یمن کے لیے ایل این جی لے کر روانہ ہوا تھا

یمن (مانیٹرنگ ڈیسک) یمن میں ایک بحری جہاز پر ہونے والے حملے کے بعد اس میں موجود کپتان سمیت 24 پاکستانی عملہ شدید مشکلات کا شکار ہے۔ تاہم پاکستانی سفارتی ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ واقعے میں کسی پاکستانی کے جاں بحق ہونے کی اطلاع نہیں ملی۔ ذرائع کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

امریکا نے سکستھ جنریشن لڑاکا طیارے F-47 کی پیداوار شروع کردی

یہ قدم چین کی حالیہ عسکری نمائش کے بعد فضائی برتری برقرار رکھنے کے تناظر میں اہم ہے، امریکی حکام

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی فضائیہ نے اعلان کیا ہے کہ سکستھ جنریشن کے جدید لڑاکا طیارے F-47 کی پیداوار شروع ہوگئی ہے اور اس کا ہدف پہلی پرواز 2028 تک کرنا ہے۔ فضائیہ کے چیف آف اسٹاف جنرل ڈیوڈ ایلون نے کہا کہ بوئنگ نے F-47 کے پہلے یونٹ کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

سمندر میں کچرا پھیلا ہے جبکہ عقب میں ماہی گیروں کی لانچیں بھی نظر آرہی ہیں

استعمال شدہ گاڑیوں کی کمرشل درآمد کی اجازت 40 فیصد ریگولیٹری ڈیوٹی عائد

5 سال سے کم پرانی گاڑیاں 30 جون 2026 تک درآمد کی جاسکیں گی، ہر سال ڈیوٹی 10 فیصد کم، 2029-30 تک ختم کردی جائیگی

محمد اورنگزیب کی زیر صدارت کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس، PVARA کے لیے 80 کروڑ کی سپلیمنٹری گرانٹ منظور

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی نے استعمال شدہ گاڑیوں کی کمرشل درآمد کی اجازت دے دی۔ تفصیلات کے مطابق ای سی سی کا اجلاس ہوا جس میں وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک، وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سیکیورٹی رانا تنویر حسین، وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری سمیت متعلقہ وزارتوں اور ریگولیٹری اداروں کے اعلیٰ حکام شریک ہوئے، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے اجلاس کی زیر چوئل صدارت کی۔ اجلاس میں استعمال شدہ گاڑیوں کی کمرشل امپورٹ کے حوالے سے سمری پر غور، تفصیلی بحث کے بعد تجاویز کی منظوری دی گئی۔ ای سی سی نے درآمدی پالیسی آرڈر 2022 کی متعلقہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 اکتوبر کی جائے

صدر کراچی چیمبر

اگست کے سیلز ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ میں بھی ایک ماہ کا اضافہ کیا جائے، جاوید بلوانی

آئی آر آئی ایس پورٹل مصروف اوقات میں تکنیکی مسائل کا شکار ہے جس کے باعث ٹیکس دہندگان کیلئے ریٹرنز مؤثر طریقے سے جمع کرانا ناممکن ہوگیا ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے چیئرمین راشد محمود لنگڑیال کی توجہ مبذول کراتے ہوئے انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کی قانونی آخری تاریخوں میں توسیع کی پُرزور اپیل کی ہے۔ کے سی سی آئی کے صدر محمد جاوید بلوانی نے چیئرمین ایف بی آر کو بھیجے گئے ایک مراسلے میں اس بات پر زور دیا کہ ملک بھر کے ٹیکس دہندگان کو درپیش مشکلات کے پیش نظر انکم ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے کی آخری تاریخ 30 ستمبر سے بڑھا کر 31 اکتوبر 2025 تک کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگست 2025 کے سیلز ٹیکس ریٹرنز جمع کرانے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

ترک کمپنی کا امریکا سے 225 بوئنگ طیارے خریدنے کا فیصلہ

استنبول (مانیٹرنگ ڈیسک) ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی سلامتی کونسل کے اجلاس کے موقع ملاقات کے بعد ترک فضائی کمپنی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

مہنگائی کی شرح میں کمی کے دعوؤں کے باوجود 17 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ

حالیہ ہفتے مہنگائی کی شرح میں کمی کی رفتار میں 0.16 فیصد کمی واقع ہوئی، وفاقی ادارہ شماریات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی ادارہ شماریات کے مہنگائی کی شرح میں کمی کے دعوؤں کے باوجود گزشتہ ہفتے کے دوران 17 اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ وفاقی ادارہ شماریات کے مطابق ملک میں تیسرے ہفتے بھی مہنگائی میں اضافے کی رفتار کی شرح میں کمی کا رجحان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

ایچ پی وی ویکسی نیشن مہم کے اعداد و شمار سامنے آگئے

ایچ پی وی ویکسی نیشن 12 روزہ مہم کا ہدف ایک کروڑ 17 لاکھ بچیاں تھیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت کی جانب سے جاری ایچ پی وی ویکسی نیشن مہم کے حوالے سے اعداد و شمار سامنے آگئے۔ اعداد و شمار کے مطابق ایچ پی وی ویکسی نیشن 12 روزہ مہم کا ہدف ایک کروڑ 17 لاکھ بچیاں تھیں، 11 روز مکمل ہونے پر ایک کروڑ ستر لاکھ میں سے 66 لاکھ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

لکی سیمنٹ، آئی ٹی اسکلز ڈیولپمنٹ پروگرام کے لیے 74 طلبہ منتخب

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) لکی سیمنٹ نے سیلانی ماس آئی ٹی ٹریننگ کے تعاون سے لکی سیمنٹ پیزو پلانٹ میں آئی ٹی اسکلز ڈیولپمنٹ پروگرام کے لیے ٹیسٹ کا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

آڈٹ رپورٹ در آمد ایس ای سی پی کے اعتراضات بے جا ہیں

گھپلے نہیں ہوئے تو پارلیمانی کمیٹیاں کس چیز کی تحقیقات کر رہی ہیں، تحفظ دینے کی کوشش کی جارہی ہے

26 کروڑ 70 لاکھ روپے کی غیر قانونی ادائیگیوں کی نشاندہی کی، جنہیں ایس ای سی پی کے چیئرمین نے قانونی قرار دیدیا، آڈیٹر جنرل

اسلام آباد کامرس ڈیسک) آڈیٹر جنرل پاکستان کے ذرائع نے آڈٹ رپورٹ پر سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے چیئرمین عاکف سعید کے اعتراضات کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اگر ان کی رپورٹ غلط ہے تو پھر سینیٹ کی قائمہ کمیٹی اور پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کس بات کی چھان بین کر رہی ہیں۔ آڈیٹر جنرل نے حالیہ رپورٹ میں 26 کروڑ 70 لاکھ روپے کی غیر قانونی ادائیگیوں کی نشاندہی کی جنہیں ایس ای سی پی کے چیئرمین نے قانونی قرار دیا۔ رپورٹ کے مطابق ایس ای سی پی نے 14 ارب روپے کا سرپلس وفاقی خزانے میں جمع نہیں کرایا جو مالیاتی نظم کی سنگین خلاف ورزی ہے، تاہم اس پر ایس ای سی پی نے مکمل خاموشی اختیار کی۔ ذرائع کے مطابق اگر ایس ای سی پی کے اعتراضات درست ہوتے تو وہ محض میڈیا پر بیانات نہ دیتے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

کالا پل پر روشنی کا مناسب انتظام نہ ہونے کے باعث گزرنے والی گاڑیاں بیم لائٹس پر ہیں، زیادہ تر گاڑیوں میں ایل ای ڈی لائٹس لگی ہیں

24 قیراط سونے کی قیمت 3 لاکھ 97 ہزار 700 روپے

قیمت میں اضافے کے ساتھ ساتھ مقامی مارکیٹ میں چاندی بھی مہنگی ہوگئی

کراچی (کامرس ڈیسک) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت مزید بڑھ گئی۔ بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں فی اونس سونے کی قیمت 19 ڈالر کے اضافے سے 3 ہزار 759 ڈالر کی سطح پر آنے کے نتیجے میں مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی ہفتے کو ایک بار پھر سونے اور چاندی کی قیمتوں میں اضافے کا رجحان رہا۔ مقامی سطح پر 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 1900 روپے کے اضافے سے 3 لاکھ 97 ہزار 700 روپے کی سطح پر آگئی اور فی 10 گرام سونے کی قیمت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

PIA کو برطانیہ کیلئے پروازوں کی اجازت، TCO جاری

آئندہ ماہ سے آپریشن کا آغاز، پہلے مرحلے میں مانچسٹر کیلئے پروازیں چلائی جائیں گی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک)) انتظار کی گھڑیاں ختم، برطانیہ کیلئے پروازیں آئندہ ماہ سے شروع ہوں گی، تھرڈ کنٹری آپریٹر کی منظوری مل گئی، قومی ایئر لائن برطانیہ کے لیے براہ راست فضائی آپریشن کا آغاز کرے گی، پہلے مرحلے میں مانچسٹر کیلئے پروازیں چلائی جائیں گی، جس کے بعد برمنگھم اور لندن بی نیٹ ورک میں شامل ہوں گے، گزشتہ روز برطانوی محکمہ ٹرانسپورٹ کی جانب سے باقاعدہ طور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

آٹو سیکٹر میں 10 ارب روپے کی سرمایہ کاری کا اعلان

اسٹاک ایکسچینج کو بھیجے گئے نوٹس میں بتایا گیا کہ ہیسٹ وے سیمنٹ کے بورڈ نے منظوری دے دی ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) سیمنٹ ساز ادارہ ہیسٹ وے سیمنٹ لمیٹڈ نے پاکستان کے آٹو موبائل سیکٹر میں قدم رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ کمپنی اس مقصد کے لیے ایک نئی پرائیویٹ لمیٹڈ ذیلی کمپنی قائم کرے گی اور 10 ارب روپے کی سرمایہ کاری کرے گی۔ اسٹاک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

خان یونس: فلسطینی شہری قطر کے تعمیر کردہ سٹی کمپلیکس میں پینے کا پانی بھر رہے ہیں

میسے فرینکفرٹ کاٹیک ٹیکسٹائل مائیسٹر کپ اور ٹیکس پروسیس چیلنج کپ کا انعقاد

نمایاں ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز، تجارتی انجمنوں اور صنعتی شراکت داروں کے نمائندگان شامل تھے، عمر صلاح الدین

یہ ایونٹس کمیونٹی کو مضبوط بنانے اور دیرپا تعلقات قائم کرنے میں مدد دیتے ہیں

کراچی (کامرس رپورٹر) میسے فرینکفرٹ، جوہائم ٹیکسٹائل، ٹیک ٹیکسٹائل اور ٹیکس پروسیس جیسے دنیا کی تین بڑی ٹیکسٹائل نمائشوں کا منتظم ہے نے کراچی میں دو پیڈل ٹورنامنٹس، ٹیک ٹیکسٹائل مائیسٹر کپ اور ٹیکس پروسیس چیلنج کپ، کا انعقاد کر کے تعاون اور روابط کے جذبے کو اجاگر کیا۔ 18 سے 25 ستمبر 2025 تک منعقد ہونے والے ان مقابلوں میں 20 سے زائد ٹیموں نے شرکت کی، جن میں پاکستان کے نمایاں ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز، تجارتی انجمنوں اور صنعتی شراکت داروں کے نمائندگان شامل تھے۔ یہ ایونٹ کاروباری رہنماؤں کے لیے ایک جاندار اور انٹرایکٹو پلیٹ فارم ثابت ہوا، جس میں انہوں نے زیادہ دوستانہ اور پُرلطف ماحول میں تعلقات قائم کیے اور کھیل کے جذبے کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

رحیم یار خان، مزدور کی اجرت 40 ہزار روپے مقرر

صوبائی وزیر محنت کی کم اجرت کے نوٹیفکیشن پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایات

رحیم یار خان (کامرس ڈیسک) ڈسٹرکٹ آفیسر لیبر عامر حیات نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کم از کم اجرت 40 ہزار روپے مقرر کر دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر محنت فیصل ایوب کھوکھر نے محکمہ کو کم از کم اجرت کے نوٹیفکیشن پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لئے تمام وسائل کو بروئے کار لانے کی ہدایات جاری کی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ محکمہ لیبر کے انسپکٹرز فیکٹریوں، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

گوگل نے پاکستان میں اے آئی پلس پلان متعارف کروادیا

اے آئی پلس پلان کے تحت پاکستان میں صارفین درج فوائد حاصل کر سکتے ہیں

کراچی (کامرس ڈیسک) گوگل نے آج پاکستان میں گوگل اے آئی پلس (Plus AI Google) پلان متعارف کرانے کا اعلان کیا ہے۔ گوگل کا نیا پلان صارفین کو گوگل اے آئی کے ذریعے مزید کام کرنے کے لیے بااختیار بنانے کی غرض سے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ نیا پلان لوگوں کو اپنی پیداواری اور تخلیقی صلاحیتوں کو بڑھانے میں مدد کرنے کے لیے طاقتور AI ٹولز تک اضافی رسائی فراہم کرتا ہے اور یہ سب نہایت باکفایت قیمت پر دستیاب ہیں۔ اے آئی پلس کے حوالے سے گوگل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

ڈاکٹر عمیر ہارون کراچی بار ایسوسی ایشن کی جانب سے منعقدہ تقریب کے موقع پر ایوارڈ وصول کر رہے ہیں

کراچی بار ایسوسی ایشن کی جانب سے ڈاکٹر عمیر ہارون کو ایوارڈ تفویض

میڈیا کے ذریعے سے آگاہی، تعلیم اور تبدیلی کی ترغیب دی جاسکتی ہے' تقریب سے خطاب

کراچی (کامرس رپورٹر) معروف ٹیلی ویژن پروڈیوسر اور ہدایتکار ڈاکٹر عمیر ہارون کو کراچی بار ایسوسی ایشن (کے بی اے) کی جانب سے ایک خصوصی تقریب میں ''میڈیا کے ذریعے قانونی، فارنزک اور سائنسی آگاہی میں ممتاز خدمات'' کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔ ڈاکٹر عمیر ہارون کو (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

ٹی سی پی کو ایک لاکھ ٹن چینی کیلئے 534 ڈالر فی ٹن کی بولی مل گئی

ٹینڈر میں کم سے کم بولی 534.75 ڈالر فی میٹرک ٹن ملی، ٹی سی پی نے ایک لاکھ میٹرک ٹن چینی کی درآمد کے لیے ٹینڈر کھول دیا

ٹینڈر کے تحت 534.75 سے 568.50 ڈالر زفی میٹرک ٹن بولیاں موصول ہوئیں، ڈریفوس کمپنی سوئٹزرلینڈ نے سب سے کم بولی دی

کراچی (کامرس ڈیسک) ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) کو ایک لاکھ میٹرک ٹن چینی درآمد کے لیے کھولے گئے ٹینڈر میں کم سے کم بولی 534.75 ڈالر فی میٹرک ٹن ملی۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان (ٹی سی پی) نے ایک لاکھ میٹرک ٹن چینی کی درآمد کے لیے ٹینڈر کھول دیا۔ ٹریڈنگ کارپوریشن کی رپورٹ کے مطابق ٹی سی پی کو گزشتہ ٹینڈر کے مقابلے میں کم ریٹ پر بولیاں موصول ہوئیں، ٹریڈنگ کارپوریشن کو ٹینڈر کے تحت 4 بولیاں موصول ہوئیں۔ رپورٹ کے مطابق ٹی سی پی کو ٹینڈر میں کم سے کم بولی 534.75 ڈالر زفی میٹرک ٹن ملی، ٹی سی پی نے چینی کے ایک لاکھ میٹرک ٹن کا کنٹینڈر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

انکم ٹیکس ریٹرن کی تاریخ میں توسیع کی جائے، فیصل آباد چیمبر کا مطالبہ

فیصل آباد (کامرس ڈیسک) فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ریحان نسیم بھراڈہ نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سیلاب کے بعد ملک میں زرعی اور ماحولیاتی ایمرجنسی کے باعث انکم ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی تاریخ میں کم از کم دو ماہ کی توسیع کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ سیلاب سے صرف پنجاب میں 6.3 فیصد رقبہ متاثر ہوا ہے جس کے معاشی اثرات دیگر صوبوں پر بھی مرتب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 50)

ویتنام اور پاکستان کے درمیان ترجیحی تجارتی معاہدہ جلد ہوگا' سفیر

لاہور (کامرس ڈیسک) ویتنام کے سفیر فام انہ توان نے کہا ہے کہ ویتنام اور پاکستان کے ساتھ ترجیحی تجارتی معاہدہ کے مذاکرات جلد شروع ہونگے تاکہ باہمی تجارتی و معاشی تعلقات کو مزید مستحکم کیا جاسکے۔ انہوں نے یہ بات لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر لاہور چیمبر کے صدر میاں ابوزر شاد، سینئر نائب صدر انجینئر خالد عثمان اور پاکستان میں ویتنام کے اعزازی قونصل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

جاز کا پاکستان میں آئی فون 17 متعارف کرانے کا اعلان

کراچی (کامرس رپورٹر) جاز پاکستان میں اپیل کے مجاز ڈسٹری بیوٹر مرکنائل کی شراکت داری سے پاکستان میں عنقریب آئی فون 17 متعارف کروا رہا ہے۔ اس اشتراک کے ذریعے صارفین کو نیا آئی فون مکمل ریگولیٹری کمپلائنس، آفیشل وارنٹی اور پریمیم ویلیو ایڈڈ سروسز کے ساتھ فراہم کیا جائے گا۔ اس لانچ کے ساتھ جاز ایک خصوصی بنڈل پیش کرے گا ہے جس میں ایک سال کے لیے ایک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

سکوک ہولڈرز اور ریگولیٹری حکام کی منظوری سے مشروط

کراچی (کامرس رپورٹر) پاور ہولڈنگ لمیٹڈ نے پاکستان انرجی سکوک-I اور پاکستان انرجی سکوک-II کی کل 400 ملین روپے کی جلد ادائیگی کی منظوری دی ہے۔ بدھ کو پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو جاری ہونے والے نوٹس کے مطابق اس کی ادائیگی (ریڈیمپشن) سکوک ہولڈرز اور ریگولیٹری حکام کی منظوری سے مشروط ہے۔ ایک ہنگامی اجلاس میں، پی ایچ ایل کے بورڈ نے انتظامیہ کو یہ رقم واپس کرنے کے عمل کو آگے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

فیملی اسپانسر شپ ویزا؛ کویت سے بڑی خبر سامنے آگئی

کویت نے فیملی اسپانسر شپ ویزا سے متعلق غلط فہمی کی وضاحت کردی

کویت (مانیٹرنگ ڈیسک) کویت میں کم از کم آمدنی کے حامل افراد کو فیملی اسپانسر شپ ویزا جاری کیا جاسکے گا۔ کویت میں فیملی اسپانسر شپ ویزا سے متعلق زیر گردش خبروں پر بالآخر حکام نے وضاحت کردی۔ عرب میڈیا کے مطابق کویت کی وزارتِ داخلہ نے کہا ہے کہ فیملی اسپانسر شپ کے آرٹیکل 22 کی خلاف ورزی کرنے والوں کی سزا معاف کرنے کی اطلاعات بے بنیاد ہیں۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ سوشل میڈیا اور بعض ذرائع ابلاغ میں گردش کرنے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

چین نے نوجوان سائنسدانوں اور ماہرین کے لیے نیا 'کے' ویزا متعارف کرادیا

اس کے لیے کسی مقامی آجر یا ادارے کے دعوت نامے کی ضرورت بھی نہیں ہوگی

بیجنگ (مانیٹرنگ ڈیسک) چین نے دنیا بھر کے نوجوان سائنس اور ٹیکنالوجی ماہرین کے لیے خصوصی ''K ویزا'' متعارف کرانے کا اعلان کردیا ہے۔ یہ ویزا یکم اکتوبر سے نافذ ہوگا۔ چینی حکام کے مطابق ''K ویزا'' کے تحت اہل افراد کو تعلیم، سائنس و ٹیکنالوجی، ثقافت اور کاروباری تحقیق کے شعبوں میں کام کرنے اور بار بار آمد و رفت کی سہولت دی جائے گی۔ اس کے لیے کسی مقامی آجر یا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

چین کی بڑی سرمایہ کار کمپنیوں کا مصنوعات کی مینوفیکچرنگ کا عندیہ

مقصد کیلئے شینڈونگ ڈائے بائیوٹیکنالوجی گروپ پنجاب میں آرگینک کھاد بنانے کا کارخانہ لگائے گا

لاہور (کامرس ڈیسک) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے چین کی 2 بڑی سرمایہ کار کمپنیوں کے حکام نے پیسک ہاؤس میں ملاقات کی جس میں چین کے سرمایہ کار گروپوں کی پنجاب میں سرمایہ کاری ہر بات چیت ہوئی۔ چین کی کمپنیوں نے پنجاب میں اپنی مصنوعات کی مینوفیکچرنگ شروع کرنے کا عندیہ دیا اس مقصد کیلئے شینڈونگ ڈائے بائیوٹیکنالوجی گروپ پنجاب میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

جاپانی کمپنی کا نیا پسنجر لا جسٹک رکشہ متعارف

تھری وہیلر رکشہ، مسافروں کی آمد و رفت اور لاجسٹکس دونوں کے لیے خصوصی طور پر تیار کیا گیا ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) جاپان کی معروف الیکٹرک وہیکل کمپنی نیرا موٹرز نے پاکستان میں اپنا فلیگ شپ الیکٹرک تھری وہیلر کیورو (Kyoro) پسنجر و لاجسٹک رکشہ متعارف کرا دیا ہے۔ یہ تھری وہیلر مسافروں کی آمد و رفت اور لاجسٹکس دونوں کے لیے خصوصی طور پر تیار کیا گیا ہے۔ ''کیورو'' کی رفتار 55 کلومیٹر فی گھنٹہ سے زائد ہے، جو ایک چارج پر 200 کلومیٹر تک سفری صلاحیت رکھتی ہے، اور 11.7 کلوواٹ آور بیٹری کی طاقت اسے مقامی سڑکوں کے لیے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

رائس ایکسپورٹ کمیٹی کے اجلاس کے بعد شرکاء کا گروپ فوٹو

چاول کی برآمدات کو درپیش مسائل حل کیے جائیں، رفیق سلیمان

ایف پی سی سی آئی کی مرکزی قائمہ کمیٹی برائے رائس ایکسپورٹ کا دوسرا اجلاس FPCCI ہیڈ آفس کراچی میں منعقد

کراچی (کامرس رپورٹر) ایف پی سی سی آئی کی مرکزی قائمہ کمیٹی برائے رائس ایکسپورٹ کا دوسرا اجلاس رفیق سلیمان کی کنوینر شپ میں FPCCI ہیڈ آفس کراچی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں گروپ چیئرمین عبدالرحیم جانو، سینئر وائس چیئرمین REAP محمد جاوید جیلانی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

جاز کا پاکستان میں آئی فون 17 متعارف کرانے کا اعلان

کراچی (کامرس رپورٹر) جاز پاکستان میں اپیل کے مجاز ڈسٹری بیوٹر مرکنائل کی شراکت داری سے پاکستان میں عنقریب آئی فون 17 متعارف کروا رہا ہے۔ اس اشتراک کے ذریعے صارفین کو نیا آئی فون مکمل ریگولیٹری کمپلائنس، آفیشل وارنٹی اور پریمیم ویلیو ایڈڈ سروسز کے ساتھ فراہم کیا جائے گا۔ اس لانچ کے ساتھ جاز ایک خصوصی بنڈل پیش کرے گا ہے جس میں ایک سال کے لیے ایک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

سکوک ہولڈرز اور ریگولیٹری حکام کی منظوری سے مشروط

کراچی (کامرس رپورٹر) پاور ہولڈنگ لمیٹڈ نے پاکستان انرجی سکوک-I اور پاکستان انرجی سکوک-II کی کل 400 ملین روپے کی جلد ادائیگی کی منظوری دی ہے۔ بدھ کو پاکستان اسٹاک ایکسچینج کو جاری ہونے والے نوٹس کے مطابق اس کی ادائیگی (ریڈیمپشن) سکوک ہولڈرز اور ریگولیٹری حکام کی منظوری سے مشروط ہے۔ ایک ہنگامی اجلاس میں، پی ایچ ایل کے بورڈ نے انتظامیہ کو یہ رقم واپس کرنے کے عمل کو آگے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

برطانیہ کی پاکستان میں آئی پی اصلاحات کے نفاذ کیلئے مطالبے کی تائید

یہ رپورٹ ملک میں فوری طور پر آئی پی کے نفاذ کیلئے او آئی سی آئی کے دیرینہ مطالبے کی تائید کرتی ہے

ٹریڈ مارک کی جعل سازی سے پاکستان کی معیشت کو 2.2 ارب پاؤنڈ (تقریباً 800 ارب روپے) کا نقصان ہوا ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) اوورسیز انوسٹرز چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (او آئی سی سی آئی) نے پاکستان کے انٹیلیکچوئل پراپرٹی (آئی پی) نظام پر برطانیہ کے ہائی کمیشن کی جانب سے جاری کی جانے والی برطانیہ کی حکومت کی حالیہ رپورٹ کا خیر مقدم کیا ہے۔ یہ رپورٹ ملک میں فوری طور پر آئی پی کے نفاذ کیلئے او آئی سی سی آئی کے دیرینہ مطالبے کی تائید کرتی ہے۔ یو کے انٹیلیکچوئل پراپرٹی آفس اور ڈپارٹمنٹ فار بزنس اینڈ ٹریڈ کی تیار کردہ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ آئی پی کا نفاذ پاکستان کے سب سے بڑے چیلنجز میں سے ایک ہے۔ رپورٹ کے مطابق صرف 2023 میں کاپی رائٹ کی خلاف ورزیوں اور ٹریڈ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

بندر روڈ کراچی پر کئی دنوں سے گندا پانی جمع ہے جس سے سڑک پر گڑھے پڑنے شروع ہو چکے ہیں

تجارت نیوز

میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے'
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں
اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں
info@tijaratnews.tv
0307-0610770

سابق وزیر اعظم ڈاکٹر مہاتیر محمد پاکستان سے تجارتی تعلقات مزید مضبوط بنانے کے خواہشمند ہیں

پاکستان اور ملائیشیا میں بے پناہ مواقع موجود ہیں، تجارت، تعاون میں نئی راہیں تلاش کرنی ہوں گی، شاہد جاوید قریشی

100 ویں سالگرہ پر پاکستانی عوام کی دعاؤں کا شکریہ، ڈاکٹر مہاتیر کا پاکستان، ملائیشیا فرینڈ شپ ایسوسی ایشن کی ایوارڈ تقریب میں وڈیو پیغام

کراچی (کامرس رپورٹر) ملائیشیا کے سابق وزیر اعظم ڈاکٹر مہاتیر محمد نے پاکستان اور ملائیشیا کے درمیان تعلقات کو مزید گہرا اور مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے مابین یہ رشتہ مشترکہ اقدار، باہمی احترام اور مختلف شعبوں میں تعاون کی بنیاد پر قائم ہے۔ ایک خصوصی وڈیو پیغام میں ڈاکٹر مہاتیر نے پاکستان، ملائیشیا فرینڈ شپ ایسوسی ایشن (پی ایم ایف اے) کی چوتھی ایوارڈ تقریب 2025 کے موقع پر نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک میں دوطرفہ تجارت کو فروغ دینے کے وسیع مواقع موجود ہیں جس سے فوائد حاصل کرنے کے لیے مشترکہ کوششوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

ہینو پاک موٹر لمیٹڈ کا متعارف کروایا جانے والا یونائیٹڈ نیشن ریگولیشن کمپلائنٹ جاپانی لائیٹ کمرشل ٹرک 300 سیریز

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا